Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 بدھ، 19 اپریل 2023ء، 28 رمضان المبارک 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 12

الیکشن کمیشن نے عدالت کو بتایا کہ انتخابات کیلئے فنڈز اور امن وامان کیلئے فورس کی عدم فراہمی سے 14 مئی کو انتخاب ناممکن ہوتا جارہا ہے

فنڈز کی عدم فراہمی 14 مئی کو پنجاب میں انتخابات ناممکن ہو رہے ہیں: الیکشن کمیشن

پنجاب میں سکیورٹی کیلئے 4لاکھ 66ہزار اہلکار درکار ہیں، نگران پنجاب حکومت صرف 81ہزار اہلکار فراہم کر رہی، 3لاکھ 85ہزار کی کمی ہے

ہماری ذمہ داری صرف انتخابات کا انعقاد نہیں، صاف وشفاف انتخابات کا انعقاد یقینی بنانا ہے تا کہ ووٹرز کسی ڈر اور خوف کے بغیر آزادانہ طور پر اپنا حق رائے دہی استعمال کرسکیں

اسلام آباد(خصوصی خبر نگار) پنجاب میں انتخابات کے حوالے سے الیکشن کمیشن کی جانب سے سپریم کورٹ میں جمع کروایا گیا جواب دنیانیوز کو موصول ہوگیا۔ الیکشن کمیشن نے عدالت کو بتایا کہ انتخابات کیلئے فنڈز اور امن وامان کیلئے فورس کی عدم فراہمی سے 14 مئی کو انتخاب ناممکن ہوتا جارہا ہے، پنجاب میں سکیورٹی کیلئے 4لاکھ 66ہزار اہلکار درکار ہیں، نگران پنجاب حکومت صرف 81ہزار اہلکار فراہم کر رہی، 3لاکھ 85ہزار کی کمی ہے۔ عدالت کو بتایا گیا کہ پاک فوج، ایف سی، رینجرز کیلئے وفاقی حکومت کو خط لکھا جس کا کوئی جواب نہیں دیا گیا، بیلٹ پیپرز کی چھپائی کیلئے رقم کی ادائیگی کی آج آخری تاریخ تھی، بروقت چھپائی نہ ہوئی تو الیکشن کمیشن ذمہ دار نہیں، تصویروں والی انتخابی فہرستوں کی چھپائی پہلے ہی تاخیر کا شکار ہے۔ الیکشن کمیشن نے بتایا کہ ہماری ذمہ داری صرف انتخابات کا انعقاد نہیں، صاف وشفاف انتخابات کا انعقاد یقینی بنانا ہے تا کہ ووٹرز کسی ڈر اور خوف کے بغیر آزادانہ طور پر اپنا حق رائے دہی استعمال کرسکیں۔ عدالت کو مزید بتایا گیا کہ 8 اکتوبر کو انتخابات کا انعقاد زمینی حقائق کی روشنی میں کیا گیا، اگر 8 اکتوبر سے پہلے انتخابات ہوئے تو ملک میں انارکی اور افراتفری پھیلنے کا خدشہ ہے، الیکشن کمیشن یہ ذمہ داری اٹھانے کو تیار نہیں۔ 3لاکھ 85 ہزار کی کمی ہے۔ عدالت کو بتایا گیا کہ پاک فوج، ایف سی، رینجرز کیلئے وفاقی حکومت کو خط لکھا جس کا کوئی جواب نہیں دیا گیا، بیلٹ پیپرز (بقیہ نمبر 1)

پہلی دفعہ ملکی ادارے آپس میں دست وگریباں ہیں، چوہدری شجاعت حسین

سیاسی بحران کو ختم کرنے کیلئے ایک دن الیکشن ہونے چاہئیں، ملکی معاشی صورتحال بار بار انتخابات کی متحمل نہیں ہوسکتی ہے

لاہور (نامہ نگار) جماعت اسلامی کے رہنما لیاقت بلوچ نے پاکستان مسلم لیگ کے صدر چوہدری شجاعت حسین، چوہدری سرور اور چوہدری شافع حسین سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ملک میں سیاسی تناکم کرنے کیلئے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا، اس (بقیہ نمبر 4)

قرآن پاک تمام انسانیت کیلئے رشد و ہدایت کا ذریعہ ہے، راجہ پرویز اشرف

27 رمضان المبارک کے دن قرآن پاک کی نادر نسخوں کی نمائش انتہائی قابل ستائش ہے، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (خبر نگار) سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ قرآن پاک تمام انسانیت کے لئے رشد وہدایت کا ذریعہ ہے اور اس کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر امت مسلمہ تمام درپیش سماجی و اقتصادی چیلنجز پر قابو پا سکتی ہے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں (بقیہ نمبر 3)

سپریم کورٹ کا فیصلہ ملکی حالات کی سمت کا تعین کرے گا، شیخ رشید

سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ ملک معاشی، سیاسی، آئینی، اقتصادی اور عدالتی بحران کے نرغے میں آگیا ہے

راولپنڈی (خصوصی خبر نگار) سربراہ پاکستان عوامی مسلم لیگ اور سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ ملک معاشی، سیاسی، آئینی، اقتصادی اور عدالتی بحران کے نرغے میں آگیا ہے، اس ہفتے میں سپریم کورٹ کا ہونے والا فیصلہ ملکی حالات کی سمت کا (بقیہ نمبر2)

جاوید عمرانی تیونس، خالد حسین الجزائر، میاں عاطف شریف ایتھوپیا میں پاکستان کے نئے سفیر ہوں گے، جنیوا میں پاکستان کے مستقل مندوب خلیل ہاشمی کو روس میں سفیر تعینات کیا گیا ہے

وزیراعظم نے 19 نئے سفرا کی تعیناتی کی منظوری دے دی

سعودی عرب میں پاکستانی سفیر امیر خرم راٹھور کو انڈونیشیا میں پاکستان کا نیا سفیر تعینات کیا گیا ہے، ڈنمارک میں موجود احمد فاروق سعودی عرب میں پاکستان کے نئے سفیر ہوں گے، ذرائع

برلن میں پاکستان کے سفیر ڈاکٹر فیصل برطانیہ میں نئے ہائی کمشنر ہوں گے، ڈاکٹر بلال اقوام متحدہ میں پاکستان کے نئے مستقل مندوب ہوں گے جبکہ عائشہ علی پراگ میں نئی سفیر، ابرار حسین خان کینیا میں نئے ہائی کمشنر ہوں گے

وزیراعظم آفس کی جانب سے بھیجے گئے ناموں میں سے دو ناموں پر اعتراض عائد کیا گیا تھا، سابق سیکرٹری خارجہ سہیل محمود کو چین میں تعینات کرنے کی سفارش کی گئی تھی جس پر اعتراض کیا گیا

اسلام آباد(نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف نے وزیرخارجہ بلاول بھٹو کی جانب سے بھجوائی گئی سمری پر 19 نئے سفرا اور ایک قونصل جنرل کی تعیناتی کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے مطابق برلن میں پاکستان کے سفیر ڈاکٹر فیصل برطانیہ میں نئے ہائی کمشنر ہوں گے، ڈاکٹر بلال اقوام متحدہ میں پاکستان کے نئے مستقل مندوب ہوں گے جبکہ عائشہ علی پراگ میں نئی سفیر، ابرار حسین خان کینیا میں نئے ہائی کمشنر ہوں گے۔ جاوید عمرانی تیونس، خالد حسین الجزائر، میاں عاطف شریف ایتھوپیا میں پاکستان (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس، اتحادیوں کا پی ٹی آئی سے غیر مشروط مذاکرات پر اتفاق

نواز شریف نے مسجد نبوی ﷺ میں رمضان المبارک کی 27 ویں شب گزاری

مدینہ منورہ (نیوز ڈیسک) مسلم لیگ (ن) کے قائد اور سابق وزیراعظم نواز شریف نے مسجد نبوی ﷺ میں رمضان المبارک کی 27 ویں شب گزاری۔ گزشتہ روز نواز شریف وزیر خزانہ اسحاق (بقیہ نمبر 9)

شوال کا چاند دیکھنے کے لئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس کل (جمعرات کو) طلب

حتمی اعلان چیئرمین رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد 20 تاریخ کی شب کریں گے

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) شوال کا چاند دیکھنے کے لئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس کل (جمعرات کو) طلب کر لیا گیا۔ مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس وزارت مذہبی امور اسلام آباد میں ہوگا، زونل کمیٹیوں کے اجلاس ملک بھر میں مقررہ مقامات پر ہوں گے۔ مرکزی رویت (بقیہ نمبر 10)

پہلے یوسف گیلانی نے نااہلی بھگتی، اب شہباز شریف بھگتے گا، عمران خان

پنجاب میں الیکشن کیلئے ٹکٹوں پر تفصیلی مشاورت اور ملکی سیاسی صورتحال پر بات چیت کی گئی، عمران خان نے خصوصی طور پر مونس الٰہی کی خیریت بھی دریافت کی

ٹکٹوں کا اعلان عمران خان خود کریں گے، الیکشن کو روکنے کیلئے ہر غیر آئینی ہتھکنڈہ استعمال کیا جارہا ہے

لاہور (خصوصی رپورٹر) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف و سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ نہ مان کر حکمران غلط روایت ڈال رہے ہیں، توہین عدالت پر پہلے یوسف رضا گیلانی نے نااہلی بھگتی، اب انشاءاللہ شہباز شریف بھگتے گا۔ چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران (بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد: قرآن پاک تمام انسانیت کے لئے رشد وہدایت کا ذریعہ ہے، راجہ پرویز اشرف

ڈیم کیلئے جمع رقم محفوظ ہاتھوں میں ہے، تعمیر میں آنیوالی رکاوٹوں کا ذکر نہیں کرنا چاہتا، ثاقب نثار

انہوں نے کہا کہ معاشرے میں سب سے اہم بات تربیت اور دیانت ہے، ہمیں اپنے معاملات میں دیانت اور خدمت کا شعار اپنانا ہوگا

ہم سب کے ہمسائے کے حقوق ہیں، ہمارے بچوں نے ملک کی تعلیم اور تربیت سنبھالنی ہے، آج ہم ملک کی بقا کی جنگ لڑ رہے ہیں، میاں ثاقب نثار

لاہور (اسپیشل رپورٹر) سابق چیف جسٹس پاکستان میاں ثاقب نثار نے کہا ہے کہ لوگوں نے ڈیم کے لیے جو رقم دی ہے وہ محفوظ ہاتھوں میں ہے، جس سپیڈ سے ہم ڈیم کی تعمیر کرانا چاہتے تھے اس میں جو رکاوٹیں آئیں ان کا ذکر نہیں کرنا چاہتا۔ میاں ثاقب نثار نے علی پارک میں جامعہ غوثیہ (بقیہ نمبر6)

کراچی میں مارکیٹوں میں چوری کرنے والا تین رکنی خواتین گروہ گرفتار

گرفتار ملزماؤں کی شناخت نازیہ، حمیدہ اور اقرا کے ناموں سے کی گئی

کراچی (خبر نگار) عوامی کالونی پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے نجی مارٹ اور مارکیٹوں میں چوری کرنے والی تین رکنی خواتین چور گروہ کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایس ایس پی (بقیہ نمبر 12)

سینئر منیجر منیب الرحمٰن کا واہگہ ٹاؤن ایم وی آیز کے ساتھ میٹنگ، عید آپریشن کے حوالے ہدایات جاری

لاہور (جنرل رپورٹر) سینئر منیجر منیب الرحمٰن کا واہگہ ٹاؤن ایم وی آیز کے ساتھ میٹنگ، عید آپریشن کے حوالے ہدایات جاری، شہر لاہور میں صفائی کے بہترین انتظامات، فیول بچت کیساتھ ایم وی آیز کا زیرو ویسٹ آپریشن پر شاباش دی، ایم وی ایز نے دن رات محنت سے ماہانہ پچاس ہزار لیٹر فیول کم کر کے شہر کو زیرو ویسٹ کیا۔ ان خیالات کا اظہار سینئر منیجر منیب الرحمٰن ایم وی ایز سے میٹنگ کے دوران کیا انکا مزید کہنا تھا کہ لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی جانب سے شہر بھر میں زیرو ویسٹ آپریشن جاری ہے۔ شہر کے حسن کو بحال کرنے کے لیے خصوصی صفائی آپریشن کیا جارہا ہے۔

خاتون جج کو دھمکی کا کیس: عمران خان کے قابل ضمانت وارنٹ جاری

عمران خان کی گزشتہ سماعت پر حاضری سے استثنٰی کی درخواست منظور نہیں ہوئی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے خاتون جج کو دھمکی دینے کے کیس میں عمران خان کے قابل ضمانت وارنٹ جاری کر دیے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد میں عمران خان کے خلاف خاتون جج کو دھمکی دینے کے کیس کی سماعت جوڈیشل مجسٹریٹ ملک امان نے کی۔ پراسیکیوٹر راجہ رضوان عباسی نے کہا کہ عمران خان کو عدالت نے ذاتی حیثیت میں طلب کیا ہے، عمران خان کی گزشتہ سماعت پر حاضری سے استثنٰی کی درخواست منظور نہیں ہوئی، عمران خان کی آج بھی حاضری سے استثنٰی کی درخواست منظور نہیں ہونی چاہیے اور عمران خان کے ناقابل ضمانت (بقیہ نمبر 13)

PPP وفد کی ایم کیو ایم رہنماؤں سے ملاقات، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

آج ہمارا وفد ایم کیو ایم کے پاس آیا ہے، سیاسی جماعتوں کا کام راستہ نکالنا ہے، پارلیمنٹ اور عدلیہ میں تصادم ہو رہے ہیں، پی پی پی

سیاسی ورکرز اپنے سامنے دیواریں کھڑی نہیں کرتے، سڑکیں بناتے ہیں، 22 کروڑ عوام پارلیمنٹ کی جانب دیکھ رہے ہیں

اسلام آباد(خصوصی رپورٹر) یوسف رضا گیلانی کی سربراہی میں پیپلز پارٹی کے وفد نے ایم کیو ایم کے رہنماؤں سے ملاقات کی، اس موقع پر ملک میں ایک ہی دن انتخابات کرانے اور ملک میں جاری سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ آج ہمارا وفد ایم کیو ایم کے پاس آیا ہے، سیاسی جماعتوں کا کام راستہ نکالنا ہے، پارلیمنٹ اور عدلیہ میں تصادم ہو رہا ہے، ہم حل کیلئے اکٹھے ہو رہے ہیں، وزیراعظم کی پارٹی کے ساتھ کل تفصیل کے ساتھ بات ہوئی ہے، آج کوشش کریں گے جے یو آئی کے ساتھ بھی بات کی جائے۔ پیپلز پارٹی رہنما نے مزید کہا کہ سیاسی ورکرز اپنے سامنے دیواریں کھڑی نہیں کرتے، سڑکیں بناتے ہیں، 22 کروڑ عوام پارلیمنٹ کی جانب دیکھ رہے ہیں، سیاسی (بقیہ نمبر 18)

لاہور؛ نہر سے ملنے والی 22 سالہ لڑکی کے اندھے قتل کا معمہ حل ہوگیا

ملزمان نے زیادتی کر کے قتل کرنے کے بعد لڑکی کی لاش کو نہر میں پھینک دیا تھا

لاہور (سٹی رپورٹر) لاہور میں لڑکی کو زیادتی کے بعد قتل کرنے والے ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق ایس پی ماڈل ٹاؤن انویسٹی گیشن شہزاد رفیق نے پریس کانفرنس میں بتایا (بقیہ نمبر 7)

راولپنڈی: راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز عیدالفطر کے سلسلے میں شہر کے مختلف قبرستانوں کی صفائی کرتے ہوئے

وزیراعظم شہباز شریف نے سینیٹر محمد طلحہ محمود کو وزارت مذہبی امور کی اضافی ذمہ داری سونپ دی

عیدالفطر تعطیلات بلنگ بیچ نمبر۔ 1 کے صارفین کے بجلی بلز کی مقررہ تاریخ میں توسیع

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) عیدالفطر کی تعطیلات کے باعث بلنگ بیچ نمبر 1 کے آئیسکو صارفین جن کے بجلی بلوں کی مقررہ تاریخ 25 اپریل 2023 تھی ان کی مقررہ تاریخ میں 26 اپریل 2023 تک توسیع کر دی گئی ہے۔ اب بیچ نمبر 1 کے صارفین (بقیہ نمبر21)

چیف ایگزیکٹو آفیسر آر ڈبلیو ایم سی رانا ساجد صفدر کی خصوصی ہدایت

راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے عیدالفطر کیلئے صفائی پلان کو حتمی شکل دیدی

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) چیف ایگزیکٹو آفیسر آر ڈبلیو ایم سی رانا ساجد صفدر کی خصوصی ہدایت پر راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے عیدالفطر کیلئے صفائی پلان کو حتمی شکل دیدی (بقیہ نمبر 22)

وزیراعظم نے سینیٹر محمد طلحہ محمود کو وزارت مذہبی امور کی اضافی ذمہ داری سونپ دی

قلم دان ملنے کے بعد نئے وزیر مذہبی امور محمد طلحہ محمود کی وزارت آمد، اہم اجلاس

اسلام آباد(جنرل رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف نے سینیٹر محمد طلحہ محمود کو وزارت مذہبی امور کی اضافی ذمہ داری سونپ دی۔ قلم دان ملنے کے بعد نئے وزیر مذہبی امور محمد طلحہ محمود کی وزارت آمد۔ سابق وزیر مذہبی امور مفتی عبدالشکور شہید کی خدمات کو خراج تحسین؛ ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کروائی۔ وزارت کے ایڈیشنل سیکرٹری، حج ونگ کے افسران اور عملہ سے ملاقات کی اور حج انتظامات پر مختصر بریفنگ لی۔ ان کا کہنا تھا کہ حج ایک فرض عبادت ہے ضیوف الرحمان کیلئے سہولیات مہیا کرنا بڑی ذمہ داری ہے اور اسکا اجر بھی دوہرا ہے۔ انہوں نے وزارت کے افسران کو کہا کہ بہترین حج انتظامات کیلئے تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔ عازمین حج کی آسانی کیلئے کم وقت میں زیادہ کام کرنا ہوگا۔

عیدالفطر کی آمد، کمر توڑ مہنگائی، عام عوام کی قوت خرید جواب دے گئی

بازاروں میں خریداروں کا رش بڑھ گیا، عیدالفطر کی خریداری کے لئے شہریوں نے بازاروں کا رخ کر لیا

عید پر پہننے والے ملبوسات بھی مہنگے ہوگئے، ریڈی میڈ کپڑوں کی قیمت میں 40فیصد اضافہ کر دیا گیا ہے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) عیدالفطر کی آمد، مہنگائی کے باعث عام عوام کی قوت خرید جواب دے گئی، بازاروں میں خریداروں کا رش بڑھ گیا، عیدالفطر کی خریداری کے لئے شہریوں نے بازاروں کا رخ کر لیا۔ بازاروں مارکیٹوں میں کپڑے، جوتے اور دیگر اشیا خریدنے والوں کا رش (بقیہ نمبر 23)

مسافروں کو کرایوں میں ناجائز اضافے سے بچانے کے لیے موبائل اسکواڈز تشکیل

فون نمبر 051۔ 927011 پر شہری کال کر کے اپنی شکایات درج کروا سکتے ہیں

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی راولپنڈی نے عید کے دنوں میں ناجائز اضافے سے بچانے کے لیے موبائل اسکواڈز تشکیل دے دیا۔ سیکرٹری آر ٹی اے کے دفتر میں عید کے حوالے سے کنٹرول روم بھی قائم کر دیا گیا ہے، فون نمبر 051۔ 927011 پر (بقیہ نمبر 28)

کراچی؛ رمضان المبارک کے دوران ڈکیتی میں مزاحمت پر 10واں شخص قتل

کراچی (نیوز رپورٹر) شہر قائد پر ڈاکوؤں کا راج برقرار ہے اور اس دوران وارداتوں میں بے گناہ شہریوں کو موت کے گھاٹ اتارنے کا سلسلہ بدستور جاری ہے کراچی میں ماہ رمضان کے دوران ڈکیتی کی ایک اور واردات میں مزاحمت (بقیہ نمبر 26)

ملک میں عام انتخابات سے پہلے ضمنی الیکشن کی آئینی مدت ختم

اب قومی اور صوبائی اسمبلیوں کی خالی نشست پر ضمنی انتخاب نہیں ہو سکے گا

مفتی عبدالشکور کے انتقال سے خالی ہونے والی نشست پر بھی ضمنی الیکشن نہیں ہوگا

پشاور (نیوز رپورٹر) ملک میں عام انتخابات سے پہلے ضمنی انتخابات کی آئینی مدت ختم ہوگئی، اب کسی بھی قومی یا صوبائی اسمبلیوں کی خالی نشست پر ضمنی انتخاب نہیں ہو سکے گا۔ رپورٹ کے مطابق آئین کے آرٹیکل 224 کی شق 4 کے تحت قومی اور صوبائی اسمبلیوں کی مدت ختم سے 120 دن پہلے اگر 3 (بقیہ نمبر24)

قرآن راہ نجات اور اس کے احکام پر عمل اخروی کامیابی کی ضمانت

قرآن مصطفی کریم کے دل کا نور ہے، سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن راولپنڈی ابرار احمد خان

آج معاشرے میں عدم برداشت، اضطراب اور بے سکونی کی وجہ قرآن سے دوری ہے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) قرآن راہ نجات اور اس کے احکام پر عمل اخروی کامیابی کی ضمانت ہے۔ قرآن مصطفی کریم کے دل کا نور ہے۔ آج معاشرے میں عدم برداشت، اضطراب اور بے سکونی کی وجہ قرآن سے دوری ہے۔ ان خیالات کا اظہار آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ (بقیہ نمبر 32)

پاکستان پیپلز پارٹی کے تحریک انصاف سے جلد مذاکرات کے امکانات روشن ہوگئے

اسلام آباد (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے تحریک انصاف سے جلد مذاکرات کے امکانات روشن ہوگئے۔ رپورٹ کے مطابق پیپلز پارٹی کی مذاکراتی ٹیم نے ن لیگ کے رہنماؤں سے ملاقات کی۔ ٹیم میں یوسف رضا گیلانی، سید نوید قمر (بقیہ نمبر 27)

بٹگرام پولیس کی کارروائیاں، منشیات اور چوری شدہ موٹر سائیکلیں برآمد کر لیں

سونیا شمروز خان کی ہدایت پر ضلع میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری

بٹگرام (نیوز رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بٹگرام سونیا شمروز خان کی ہدایت پر ضلع میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری ہے۔ انسپکٹر نوید خان ایس ایچ او تھانہ سٹی بٹگرام انسپکٹر سجاد خان، ایس ایچ او بنہ امجد علی خان (بقیہ نمبر25) فروش عامر ولد سرزمین سکنہ بانڈ یگوزیارت سے چرس برآمد کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔ ایک اور کارروائی میں بٹگرام کی سٹی پولیس نے چوری شدہ موٹر سائیکلیں برآمد کر لیں۔ ایس ایچ او تھانہ سٹی بٹگرام اوکوزہ بانڈہ کی ٹیم، عبدالغفار خان ایڈیشنل ایس ایچ او نے دیگر نفری کے ہمراہ منشیات

علی امین گنڈا پور کیخلاف بھکر مقدمے سے دہشت گردی دفعات ختم

عدالت نے ہدایت کی کہ پولیس ایک روزہ جسمانی ریمانڈ کے بعد بھکر عدالت میں پیش کرے

انسداد دہشت گردی عدالت نے مقدمہ بھکر کی عام عدالت میں منتقل کرنے کا حکم دے دیا

سرگودھا (نامہ نگار) سرگودھا کی انسداد دہشت گردی عدالت نے رہنما پی ٹی آئی علی امین گنڈا پور کیخلاف مقدمے سے دہشت گردی دفعات ختم کر دیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انسداد دہشت گردی عدالت نے علی امین گنڈا پور کیخلاف مقدمہ بھکر کی عام عدالت میں منتقل کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے ہدایت کی کہ پولیس ایک روزہ جسمانی ریمانڈ کے بعد بھکر عدالت میں پیش کرے، پولیس علی امین گنڈا پور کو لیکر بھکر روانہ ہوگئی۔ یاد رہے رہنما پی ٹی آئی کیخلاف دہشت گردی دفعات کے تحت (بقیہ نمبر 33)

ملک میں خام تیل کی درآمدات میں جاری مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں سالانہ بنیاد پر 11 فیصد کمی

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) ملک میں خام تیل کی درآمدات میں جاری مالی سال کے پہلے 9 ماہ کے دوران سالانہ بنیاد پر 11 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ آئل کمپنیز ایڈوائزری کمیٹی اور انڈسٹری (بقیہ نمبر 34)

وفاقی وزیر مملکت معاون خصوصی وزیراعظم پاکستان چوہدری حامد حمید ایم این اے سرگودھا نے 27 رات درس قرآن پاک کی دعا جامعہ مسجد غوثیہ مقام حیات میں حضرت مولانا صاحبزادہ عبداللہ سعید ہاشمی صاحب کے پروگرام میں شرکت

THE DIGITAL CENSUS 7ویں خانہ و مردم شماری

عوام الناس توجہ فرمائیں

وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف

کی خصوصی ہدایت اور صوبوں کی سفارشات پر مخصوص اضلاع میں مردم شماری کی مکمل کوریج کو یقینی بنانے کیلئے

گھر گھر مردم شماری کی تاریخ میں

20 اپریل 2023 تک توسیع

یہ توسیع صرف

کراچی، حیدرآباد، لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی، پشاور، ڈیرہ اسماعیل خان، کوئٹہ، خضدار، پشین، پنجگور، کیچ، مستونگ، نوشکی، چاغی اور زیارت کیلئے ہے

الحمدللہ، باقی تمام اضلاع میں مردم شماری کا عمل کامیابی سے مکمل کیا جاچکا ہے

تاہم ان اضلاع میں ڈیٹا کوالٹی اور مکمل کوریج کیلئے تصدیق کا عمل 20 اپریل تک جاری رہے گا

یاد رہے ◀ اگر مردم شماری کا نمائندہ ابھی تک آپ کے گھر نہیں آیا تو

شکایات کیلئے

ٹول فری نمبر 0800-57574 پر کال کریں یا 9727 پر اپنا مکمل ایڈریس SMS کریں

مردم شماری کے متعلق مزید معلومات اور رہنمائی کیلئے

ہمارے درج ذیل دفاتر یا وفاقی دارالحکومت میں ہیڈ آفس سے رابطہ کریں

ریجنل آفس لاہور	ریجنل آفس راولپنڈی	ریجنل آفس کراچی	ریجنل آفس پشاور	ریجنل آفس کوئٹہ
042-99263266	051-9334799	021-99225229	091-9213097	081-9211859
پولیس ایڈ بلڈنگ گرو مانگٹ روڈ گلبرگ-III لاہور	پاکستان ادارہ شماریات، 19-A بیکٹر III-، سائٹ IV، خیابان سرسید راولپنڈی	پاکستان ادارہ شماریات، B-1 ایس ایم سی ایچ سوسائٹی کراچی	پاکستان ادارہ شماریات، سیکنڈ فلور، ایس ایل آئی سی بلڈنگ، 34 دی مال پشاور کینٹ	پاکستان ادارہ شماریات، بنگلہ نمبر 101/F، بلاک نمبر 5، سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ

مزید معلومات کیلئے رابطہ کریں: 080057574
یا وزٹ کریں ہماری ویب سائٹ: www.pbs.gov.pk
PBSofficialpak PBSofficialpak pbsofficialpak/ company/pbsofficialpak PBSofficialpak PBSofficialpak

Pakistan Bureau of Statistics
پاکستان ادارہ شماریات
وزارت منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات، حکومت پاکستان

Statistics House, 21-Mauve Area, G-9/1, Islamabad.

PID(I)6454-D/22

ABC عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بالآخر مذاکرات ہی معاملات کا حل

سعودی عرب میں ایران کا سفارتخانہ سات سال بند رہنے کے بعد دوبارہ کھول دیا گیا ہے۔ بین الاقوامی میڈیا کے مطابق ریاض میں قائم سفارتخانے کے دروازے ایرانی ٹیم کے معائنے کے بعد کھول دیے گئے ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کی طرف سے جاری بیان میں کہا گیا کہ ایران اور سعودی عرب کے درمیان ہونے والے معاہدے کے تحت سفارتی سرگرمیوں کو بحال کرنے کے لیے ایرانی تکنیکی وفد بدھ کی دوپہر ریاض پہنچا جہاں سعودی حکام نے وفد کا استقبال کیا۔ ترجمان نے بتایا کہ ایرانی وفد ریاض میں سفارتخانہ اور جدہ میں قونصل خانہ کھولنے کے علاوہ اسلامی تعاون تنظیم میں ایران کے مستقل مندوب کی حیثیت سے سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے بھی ضروری اقدامات کرے گا۔ واضح رہے کہ یہ سفارتی مشن 2016 میں اس وقت سے بند ہو گیا تھا جب سعودی عرب نے ایران سے سفارتی تعلقات منقطع کر لیے تھے۔ گزشتہ ماہ چین کے ثالثی کردار کی وجہ سے ایران اور سعودی عرب تعلقات بحال ہو گئے تھے اور دونوں ممالک نے اپنے اپنے سفارت خانے دوبارہ کھولنے پر بھی اتفاق کیا تھا۔ باضابطہ طور پر طے پانے والے اِس معاہدے کے تحت ایران اور سعودی عرب ایک دوسرے کی خودمختاری کے احترام اور معاملات میں عدم مداخلت کی پالیسی پر کاربند رہیں گے۔ واضح رہے کہ مذاکرات کی کامیابی کا باضابطہ اعلان بیجنگ میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران چین، ایران اور سعودی عرب کے مشترکہ بیان کی صورت میں سامنے آیا تھا۔ سعودی عرب کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ ساتھ ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای نے بھی معاہدے کی تائید کی تھی۔ دونوں ممالک کے وزرائے خارجہ، سفارت کاروں کے تبادلے اور دیگر اقدامات کے حوالے سے جلد مذاکرات کی خبریں بھی بین الاقوامی میڈیا میں رپورٹ کی گئی ہیں۔ دونوں ممالک نے 17 اپریل 2001 کو طے پانے والے سکیورٹی تعاون کے معاہدے کے ساتھ ساتھ 27 مئی 1998 کو طے پانے والے اس معاہدے پر بھی اتفاق کیا تھا جس کا مقصد اقتصادی، تجارتی، سرمایہ کاری، تکنیکی، سائنسی، ثقافتی، کھیلوں اور نوجوانوں کے امور میں تعلقات کو فروغ دینا تھا۔ سعودی عرب اور ایران کے درمیان کشیدگی اس وقت شروع ہوئی جب سعودی حکام نے ایک مذہبی رہنما کو پھانسی دے دی۔ ایران میں مظاہرین نے سعودی سفارت خانے پر دھاوا بول دیا جس کے بعد 2016 میں دونوں ممالک کے درمیان تعلقات منقطع ہو گئے۔ دنیا بھر میں دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کی بحالی کا خیر مقدم کیا جا رہا ہے، باقی تمام ممالک کے لیے یہ ایک مثال ہے کہ بڑے سے بڑے مسئلے کا حل نیک نیتی کے ساتھ بات چیت کے ذریعے نکالا جا سکتا ہے۔ کیا ہی اچھا ہو کہ دوسرے ممالک بھی اِن کی دیکھا دیکھی اپنے تنازعات کی طرف توجہ دیں، اسرائیل فلسطینیوں کے حال پر رحم کرے، بھارت اہل کشمیر کی خواہش کے مطابق تنازعہ حل کرے اور ساتھ ہی ساتھ ہمارے سیاستدان بھی اِس سے کچھ سبق سیکھ لیں لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے ہاں جاری اِس سیاسی دنگل میں فریقین سنجیدہ ہیں اور نہ ہی کسی کو چین کی حیثیت دینے کو تیار ہے اور اب تو معاملات سیاست سے نکل کر اداروں کی طرف چل نکلے ہیں۔ یہ بحث پہلے بھی اِن سطور میں کی گئی ہے کہ ہمارے ہاں پہلے سیاست دان آمنے سامنے تھے، اب پارلیمان اور عدلیہ بھی ایک دوسرے کے سامنے کھڑے نظر آ رہے ہیں۔ وزیر قانون نے لگ بھگ سب ہی جماعتوں کے نمائندوں کو ساتھ بٹھا کر پریکٹس اینڈ پروسیجر بل 2023 کے خلاف درخواستوں کی سماعت پر بنائے جانے والے آٹھ رکنی بینچ کو مسترد کر دیا۔

رمضان اور دفتر

تحریر: سیدہ نمرا

رمضان کے مقدس مہینے میں دفتروں، تعلیمی اداروں میں یہ الفاظ اکثر سننے کو ملتے ہیں۔

ٹھیک ہے جناب ! کل آپ سے اس سلسلے میں ملاقات کروں گا کس وقت آں آپ کے دفتر کے اوقات کیا ہیں۔ آپ کسی بھی وقت تشریف لے آئیں کوئی مسلہ نہیں ہے۔ رمضان ہے گھنٹہ دو گھنٹہ دیر سے دفتر جاتا ہوں۔

ہیلو ، جی امی میں دفر کے لیئے نکل رہی ہوں بس دو گھنٹوں میں آپ کی طرف پہنچ جاں گی . رمضان ہے دفتر سے جلدی نکل آں گی .

السلام وعلیکم سر: رمضان مبارک وعلیکم اسلام آپ کو بھی مبارک ہو۔ تشریف رکھیئے سر مجھے رمضان میں قرآن کلاس میں جانا ہوگا میں صبح حاضری درج کر کے ایک گھنٹے بعد چلی جایا کروں؟

آج رمضان کا آخری جمعہ ہے فیصل مسجد میں نماز جمعہ ادا کرنی ہے۔ جی، اب ہمیں نکلنا چاہیے . صحیح ہے آپ ذرا میرا انتظار کریں میں چابی اور کوٹ لے آں فیصل مسجد دفتر سے بہت دور ہے نماز سے واپسی پر گھر چلا جاں گا۔ ٹیچر اسلام علیکم

وعلیکم اسلام بچو

مس آج ہم نے Algebra کی مشق نمبر 3 کے سوالات حل کرنے ہیں۔

جی بچو آج سے رمضان کا بابرکت مہینہ شروع ہو گیا ہے۔ آپ سب بچے درود پاک کی تسبیح پڑھیں میں اپنا پارہ مکمل کر لو آج سحر کے بعد وقت نہیں ملا .

جیسے ہی رمضان کا بابرکت مہینہ شروع ہوتا ہے ہمارے ملک میں ایک عجیب سا سما ہوتا ہے۔ دفتروں، تعلیمی اداروں میں سارے امور جیسے رک سے جاتے ہیں۔ جیسے کوئی جمود کا موسم شروع ہو گیا ہو۔ لوگ نمازیں، زکو غرض ہر عبادت صرف رمضان میں اپنے پر فرض سمجھتے ہیں اور پچھلے گیارہ مہینوں کے گناہ بھی بخشوانے کی تگودو میں لگ جاتے ہیں تا کہ اگلے گیارہ مہینے آرام سے گزارے جائیں۔ اور فرائض جو اللہ نے ہم پر ڈالے ہیں ان کو فراموش کر بیٹھتے ہیں یہ اس لئے کہ ہم نے دین کو فقط چند عبادات کا مجموعہ اور اپنے گناہ مٹانے کا ذریعہ سمجھ رکھا ہے دنیا تو جیسے اس سے یکسر مختلف ہے دین کا دنیا سے کیا لینا اور دنیا کا دین سے کیا کام جیسے مسجد میں بیٹھے مولوی کا باہر کی دنیا سے اور ایک انجیر کا مسجد کی دنیا سے جبکہ دین دنیا سے جدا کیسے ہو سکتا ہے میں نے لوگوں کو یہ کہتے سنا ہے دینی تعلیم، دنیاوی تعلیم میں ان اصلاحات سے سخت اختلاف کرتی ہوں دین دنیا ایک ہی ہیں۔ جب بھی کوئی شخص اپنے ملک کے لیے کوئی منصب سنبھالتا ہے خواہ وہ چھوٹا ہو یا بڑا وہ اللہ کے آگے اس کے جوابدہ ہوتا ہے اس منصب کے کسی کام میں غفلت اللہ کے احکامات کی حکم عدولی ہے اگر ہم سمجھیں کم بھی مدین والوں پر عذاب الہی کا باعث بنا۔

ہم وہ ہیں جو دنیا میں خلافت اسلمیں دیکھنے کے خواہاں ہیں ہم اپنے کشمیری اور فلسطینی بھائیوں کو کافروں کے ظلم سے نجات دینا چاہتے ہیں ہم عاشق رسول ہیں پھر بھی ہم دنیا کی بدعنوان قوموں میں سرفہرست ہیں ہماری کوئی عزت نفس نہیں ہم اقوام عالم کے سامنے ہاتھ پھیلاتے ہیں، ہم اغیار کے اشاروں پر ناچتے ہیں ہمارے ہاں نظریے کا فقدان ہے ہم مغرب سے متاثر ہیں جھوٹ اور بدعہدی ہما راشعار ہے کوئی چیز میرے ملک میں بلا ملاوٹ نہیں ملتی غریب ہمارے ملک میں پسا ہوا ہے انصاف ٹکوں ٹکوں پر بکتہ ہے۔ ظلم عام ہے . کیا ہم مسلمان ہیں؟

بقول اقبال۔

جس کو آ تا نہیں دنیا میں کوئی فن تم ہو
نہیں ہے جس قوم کو پروائے نشیمن تم ہو
بجلیاں جس میں ہوں آسودہ وہ خرمن تم ہو
بیچ کھاتے ہیں جو اسلاف کے مدفن تم ہو
ہو نکو نام جو قبروں کی تجارت کر کے
کیا نہ بیچو گے گل جائیں صنم پتھروں کے؟

ریاستی حکام کا سالانہ نفسیاتی معائنہ

ہندوستانی عدالتوں کے ایسے کئی فیصلے ہیں جن میں عدالت کا وقت ضائع کرنے پر وکیل یا سائل کو جرمانہ کیا جاتا ہے لیکن ہماری اعلی عدلیہ کے بعض منصف محض خبروں میں رہنے کی خاطر نامعقول درخواستوں کی سماعت شروع کر ڈالتے ہیں۔ ایک سابقہ چیف جسٹس تو عدالتی کارروائی تبھی شروع کرتے تھے جب عملہ انہیں یقین دلا دیتا کہ حضور ٹی وی والوں نے جگہ سنبھال لی ہے۔ یوں صحافیوں کی روزی کا بندوبست تو ہو جاتا ہے لیکن ہمارے ٹیکسوں پر کھڑی عدلیہ سے جو نقصان ہمیں ہوتا ہے اس کا

ڈاکٹر شہزاد اقبال شام

شمار روپوں میں ممکن نہیں۔ ایسی درخواستیں دائر کرنے والے وہ فارغ وکیل ہوتے ہیں جن کی اپنی اہلیت تو شاید ان کے اہل خانہ بھی تسلیم نہ کرتے ہوں لیکن ذرائع ابلاغ میں کسی بڑے نام کے ساتھ اپنی تشہیر کی خاطر یہ وکلا آئے دن ایسی پٹیشن دائر کرتے رہتے ہیں۔ افسوس تو یہ ہے کہ عدلیہ ان کی سماعت اہتمام سے کرتی ہے۔ جسٹس فائز عیسی نے پارلیمان میں منعقدہ آئین کی 50 سالہ تقریب میں شرکت کیا کی کہ پنجاب کے ایک مقامی وکیل نے خبروں میں آنے کی خاطر ان کے خلاف سپریم جوڈیشل کونسل میں ریفرنس داغ دیا۔ چاہیے تو یہ تھا کہ چیف جسٹس اس وکیل کو جرمانہ کر کے بار کونسل کو اس نااہل وکیل کا لائسنس منسوخ کرنے کا کہتے جسے یہ خبر نہیں کہ 2015 میں چیف جسٹس انور ظہیر جمالی نے بھی چیرمین سینٹ رضا ربانی کی دعوت پر سینٹ سے خطاب کیا تھا۔ ذہن سیاست میں لتھڑ جائیں تو سپریم کورٹ کے حق میں بس دعا ہی کی جا سکتی ہے۔ اس ہیجانی کیفیت میں جسٹس فائز عیسی البتہ یہ مہم جوئی (adventure) نہ کرتے تو بہتر تھا۔ ان کی وہاں کی تقریر کے اس جملے کو ہضم کرنا بھی ممکن نہیں: "میں اپنی اور اپنے ادارے کی طرف سے۔۔۔ ."یہ جملہ وہ 17 ستمبر کے بعد بھلے ادا کر سکتے ہیں کہ تقریب میں وہ انفرادی حیثیت سے گئے تھے نہ کہ ادارے کی طرف سے۔ تاہم ان کا شکریہ کہ انہی جملوں سے ہمیں ججوں کا ذہن پڑھنے کا موقع ملتا ہے۔ ایک غیر متعلقہ مقدمے میں چیف جسٹس اچانک یہ انہونا سوال کر گزریں کہ: "عمران خان کی ایف آئی آر کیوں درج نہیں ہوئی ."تو کیا پھر کچھ کہنے کو باقی رہ جاتا ہے۔ فن تحلیل نفسی کی میری حدود بس اتنی ہی ہیں۔ مسلح افواج کے داخلی نظم و نسق کا صرف چوتھائی حصہ سول حکومتیں اپنے ہاں لاگو کر دیں تو ملک کی کایا پلٹ سکتی ہے۔ مسلح افواج کا کام جسمانی تندرستی کا تقاضا کرتا ہے لہذا تمام افسروں کا سالانہ طبی معائنہ ہوتا ہے۔ اسی سے افسروں کے طبی زمرے (categories) اے بی سی بنتے ہیں۔ پتا چلے کہ یہ جنرل صاحب مزید خدمت سرانجام نہیں دے سکتے تو صرف کرنل بریگیڈیئر سطح کا ڈاکٹر انہیں ریٹائر کر دیتا ہے۔ ایسے ہی قواعد کی وجہ سے ہماری مسلح افواج دنیا کی چند بہترین افواج میں سے ہیں۔ آج نہیں پہلے بھی لکھ چکا ہوں کہ جسمانی کام کرنے والوں کا اگر کڑا طبی معائنہ ہوتا ہے تو ذہنی کام والے حکام کا بھی سالانہ ذہنی یعنی نفسیاتی معائنہ ہونا چاہیے۔ یہ کام کئی ملکوں میں ہوتا ہے۔ لہذا یہ نہ سمجھیں کہ موجودہ سرسامی حالات میں یہ تجویز کسی شخص یا ادارے کے خلاف ہے، ہرگز نہیں۔ تفصیل کا تو موقع نہیں، تاہم عدلیہ اور انتظامیہ کے لوگ ہماری عائلی زندگی اور کھربوں روپوں سے لے کر وہ وہ آئینی فیصلے تک کرتے ہیں جن سے ملکی تاریخ اور جغرافیہ بدل جاتا ہے۔ جسٹس منیر نے ریٹائر ہونے پر کوئی عہدہ لینا تھا لہذا اس الجھی ہوئی نفسیاتی گرہ نے ان سے نامعقول آئینی فیصلہ لکھوا کر گورنر جنرل اور جنرل ایوب کے قریب تو کر دیا لیکن سرزمین بے آئین میں بنگلہ دیش کا بیج بونے والا یہی فیصلہ تھا۔ بیج سے نکلی کونپل کی آبیاری جنرل ایوب اور جنرل یحیی کرتے رہے تا آنکہ ملک ٹوٹ گیا۔ 27 جولائی 2017 کو پانامہ کیس کا فیصلہ کرنے والے پانچ ججوں نے اپنی اپنی پیچیدہ نفسیاتی گرہوں کی مدد سے سپریم کورٹ کے نام پر دھبہ لگایا سو لگایا، ہنستے بستے ملک کو انہوں نے ادھیڑ کر رکھ دیا۔ ثاقب نثار کا تفصیلی ذکر کر کے میں اس مقدس موضوع کو آلودہ نہیں کرنا چاہتا۔ کاش یہ لوگ جسٹس کارنیلیس ہی کے پیروکار ہوتے۔ جدید عالمگیر ریاستی تنظیم نے عام فرد کو بھی بتا دیا ہے کہ عدلیہ کا کام بس اتنا ہے کہ وہ آئین اور قانون کے مطابق سائل کی داد رسی کرے۔ بنیادی حقوق کی خلاف ورزی نظر آئے تو از خود نوٹس لیا جا سکتا ہے۔ لیکن دنیا کی کسی عدالت نے قانون بننے سے قبل اسے کبھی خلاف آئین قرار نہیں دیا کہ لوگ عقل سے کام لیتے ہیں۔ گاں بے نہیں، اچھے پہلے آ گئے۔ کوئی ایک ملک نہیں جہاں چیف جسٹس نے پارلیمان کو قانون سازی سے روک دیا ہو۔ عالمی درجہ بندی میں 139 ممالک میں ہماری عدلیہ کا 130 واں درجہ ہے۔ کیوں نہ ہو، نچلی سطح کو تو چھوڑیں جہاں کیا کچھ نہیں ہوتا، چیف جسٹس کے تحت قائم جوڈیشل کمیشن کے نو میں سے پانچ ارکان لکھ کر دے چکے ہیں کہ اجلاس کی روداد لکھتے وقت عبارت بدل دی جاتی ہے۔ یہ حرکت وزیراعظم کرتا تو جیل میں سڑ رہا ہوتا یا پھانسی پر لٹکایا جاتا۔

رکیے رکیے، کہاں جا رہے ہیں؟(1)

زندگی یادوں کے تسلسل کا نام ہے مگر بعض اتفاقات آپ ہی اپنے ہونے کا جواز ہوتے ہیں۔ جیسے راولپنڈی سازش کیس میں قید فیض احمد فیض کی دست صبا کی اشاعت اور عین اسی سال بلکہ اسی مہینے بندہ ناچیز کی پیدائش۔ یہ الگ بات کہ در قفس پہ اندھیرے کی مہر لگتے ہی آج بھی دلوں میں ستارے اترنے لگتے ہیں۔ اس کے الٹ سترھویں سالگرہ منا کر بھی اپنا یہ حال کہ پیدا ہو گئے ہیں اور حیرانی نہیں جاتی۔ اب مزید حیرت یہ سوچ کر ہو رہی ہے کہ بارہ دن پہلے رخصت ہونے والے جید اخبار نویس اور بی

شاہد ملک

بی سی کے ساتھی آصف جیلانی نے بھی کیریئر کا آغاز جناب فیض کی پس زنداں چیف ایڈیٹری کے دوران ہی کیا۔ اخبار تھا روزنامہ امروز اور ایام وہی جب دست صبا شائع ہوئی اور مبینہ طور پر شاہد ملک پیدا ہوئے۔ یہ بھی دلچسپ اتفاق ہے کہ جامعہ ملیہ دہلی کے استاد شیخ عبدالواحد سندھی کے فرزند آصف جیلانی کا ننھیالی تعلق اتر پردیش کے تعلیمی شہر علی گڑھ سے ہے اور یہیں ان کی ولادت ہوئی۔ کم لوگوں کو علم ہوگا کہ آصف مرحوم کا پیدائشی نام محمد علی تھا لیکن ہوش سنبھالنے پر ماموں کی نسبت سے لفظ جیلانی ان کا مستقل تعارفی حوالہ بن گیا۔ سندھ اور یوپی کے تناظر میں خاندانی پہچان کی دونوں جہتیں سامنے رکھیں تو اس معتدل مزاج شخصیت اور معتبر صحافی کی طبیعت کا خوشگوار توازن خود بخود سمجھ میں آنے لگتا ہے۔ یہ اس لیے بھی کہ آصف جیلانی کی پرائمری تعلیم دہلی میں ڈاکٹر ذاکر حسین والے جامعہ ملیہ اسلامیہ اور کراچی پہنچ کر سندھ مدرستہ الاسلام سکول اور ایس ایم کالج میں ہوئی۔ نامہ نگار آصف جیلانی سے میری نوعمری کی واقفیت اخبار میں ان کے مکتوب دہلی اور مکتوب لندن کے توسط سے تھی۔ ذاتی علیک سلیک کا موقع البتہ اب سے چالیس سال پہلے لندن میں بی بی سی سے منسلک ہونے پر ملا۔ تب تک اخبار نویس اور حالات حاضرہ کے ہیوی ویٹ براڈکاسٹر کی حیثیت سے اپنی صحافیانہ صلاحیتیں منوا کر انہیں اردو سروس کا فل ٹائم کارکن بنے سال بھر ہو چکا تھا۔ خوش قسمتی سے میری نئے ادارے سے وابستگی اور پاکستانی وقت کے مطابق صبح چھ بج کر پینتیس منٹ پر نشر ہونے والے جہاں نما میں ہماری ہم نشینی کی ابتدا ایک ساتھ ہی ہوئی۔ شبینہ ملاقات اردو کی پہلی مجلس سے کوئی چار گھنٹے پہلے کافی کے کپ اور ہلکی پھلکی بات چیت سے شروع ہوتی۔ جیلانی صاحب سے بڑھتی ہوئی جان پہچان کا ذریعہ یہی ملاقاتیں تھیں۔ جیسے یہ انکشاف کہ کراچی یونیورسٹی سے ایم اے اکنامکس مکمل کرنے سے پیشتر 1952 میں وہ روزنامہ امروز میں سب ایڈیٹر مقرر ہو چکے تھے مگر جلد رپورٹنگ میں چلے گئے۔ چنانچہ اگلے موسم سرما کے دوران کراچی میں ڈیموکریٹک سٹوڈنٹس فیڈریشن کی موومنٹ کی کوریج انہوں نے کی اور اس دوران تین دن میں فائرنگ سے طلبہ سمیت ستائیس ہلاکتیں ہوئی تھیں۔ باتوں باتوں میں یہ بھی پتا چلا کہ انعام عزیز مرحوم کی زیر ادارت جنگ لندن کے اجرا کے وقت آصف جیلانی اولین نیوز ایڈیٹر تھے۔ قبل ازیں 1965 کی پاک بھارت لڑائی کے دوران دہلی میں، جہاں وہ 1959 سے روزنامہ جنگ کے نامہ نگار رہے، انہیں دشمن ملک کے شہری کے طور پر تنہا نظربندی اور پھر تہاڑ جیل میں قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرنا پڑیں۔ وہی تہاڑ جیل جہاں فروری 1984 میں کشمیری حریت پسند مقبول بٹ کو تختہ دار پر لٹکایا گیا۔ بی بی سی اردو میں، جو ہندی، بنگالی اور پشتو کی طرح ایسٹرن سروس کا حصہ تھی، ہماری ڈیوٹیاں ایک ہفتہ وار چارٹ کے تحت لگائی جاتیں۔ نئے کارکن دن میں یا تو خبریں پڑھتے یا کونٹی نیوٹی پر مامور ہوتے۔ مزے کی بات یہ ہے کہ دفتر پہنچنے کے لیے صبح کوئی رپورٹنگ ٹائم نہیں تھا۔ بس ٹرانسمیشن کے اوقات ذہن میں رکھیے اور ہنستے کھیلتے بش ہاؤس پہنچ جائیے۔ خبروں کا بلیٹن کرنا ہوتا تو گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ نیوز روم میں جنوبی ایشیا ڈیسک کے چیف سب ایڈیٹر کے پاس بیٹھ کر کام کرتے۔ جن خبروں میں تبدیلی کا امکان کم ہوتا، ان کا ترجمہ جاتے ہی، وگرنہ سرخیاں اور دوبارہ لکھا جانے والا مواد آخری وقت پر۔ بیچ میں ڈیسک سے صلاح مشورہ بھی جاری رہتا۔ کونٹی نیوٹی کا مطلب تھا یہ بی بی سی لندن ہے سے لے کر شب بخیر تک لائیو ٹرانسمیشن کے اعلانات اور حالات حاضرہ کے پروگرام سیربین کے لیے وقار احمد، اطہر علی یا کسی سینئر پیش کار کی بطور چھوٹا اعانت۔ ہر روز آخری بیس منٹ کسی نہ کسی ریکارڈ شدہ پروگرام کے لیے ہوتے۔ بچوں کے مقبول پروگرام شاہین کلب پر رضا علی عابدی کے نام کی مہر تھی۔ سائنس کلب سارہ نقوی پیش کرتیں، خواتین کے لیے برگ گل ثریا شہاب، کھیل کے میدان سے اطہر علی، گرد و پیش علی احمد خان۔ میرے ذمہ تھے انگریزی اسباق اور پھر ادبی پروگرام سب رس۔ 1980 کی دہائی کے وسط میں پاکستانی وقت کے مطابق رات ساڑھے دس بجے شب نامہ شروع ہوا تو یومیہ ایک اضافی پروڈیوسر اس پر بھی مامور ہونے لگا۔ آصف صاحب زیادہ تر برصغیر، مشرق وسطی یا کسی اور خطے کے بارے میں ہفتہ وار تجزیاتی پروگرام میزان کی تیاری میں لگے رہتے۔ اس کے علاوہ کبھی لائیو ٹرانسمیشن میں نیوز بلیٹن اور کبھی سیربین کی پیش کاری۔ جہاں نما کے پیش کار کے لیے وقت کی رسمی پابندی نہیں تھی۔ البتہ نیوز ریڈر کے لیے ساڑھے نو بجے رات کا رپورٹنگ ٹائم ہوا کرتا۔ چونکہ کام بے حد مزیدار لگتا، اس لیے ہم سر شام ہی دفتر پہنچ جایا کرتے۔ اردو سیکشن پانچویں فلور پر پانچ چھوٹے بڑے کمروں اور ساتویں منزل پر دبیز قالینوں سے مزین اور ایڈیٹنگ مشین سے لیس ایک چھوٹے ہال پر مشتمل تھا۔ میں صبح کے اوقات میں اسی ہال میں رضا علی عابدی کے پہلو میں بیٹھتا۔ پروگرام آرگنائزر ڈیوڈ پیج کے ساتھ والے کمرے میں، جہاں سیربین کا پروڈیوسر دن چڑھے کرسی صدارت سنبھالتا، لائیو ٹرانسمیشن کے شرکا کا میلہ لگا ہوتا اور تازہ رپورٹوں، مراسلوں اور ٹاکس اینڈ فیچرز کی پرنٹنگ مشین ٹھنٹھناتی رہتی۔ یہیں ایسٹرن سروس کے سربراہ جم نورس اور اسسٹنٹ ہیڈ ولیم کرالے بھی آتے جاتے کوئی نہ کوئی مشورہ پھینک جاتے۔

عابدی صاحب نے ایک دن کہا تھا یہ کمرہ زیادہ آباد ہے۔ جہاں نما کی تیاری کے وقت شام گئے ماحول پرسکون ہو جاتا۔ برصغیر سے آدھی رات کو خبر کی توقع کم ہوتی، البتہ نوے کی دہائی میں فجر کے وقت نمازیوں پر مسلح حملے ہونے لگے تھے۔ شمالی امریکہ میں تب سہ پہر یا شام کا سماں ہوتا اور اقوام متحدہ پر نظر رکھنی پڑتی۔ چین، جاپان اور مزید آگے آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ میں نئے دن کا آغاز ہو چکا ہوتا اور اطلاعات آنے لگتیں۔ نوجوان ساتھیوں سے بھی بڑوں کا سلوک بناوٹ سے عاری، دوستانہ حوصلہ افزائی کا تھا۔ فرق یہ کہ راشد اشرف کی براڈکاسٹنگ اور صحافتی پہلو، دونوں پر یکساں توجہ ہوتی مگر نجی بات چیت میں گرمجوشی کا عنصر نمایاں۔ عابدی بھائی سراپا ٹھنڈی میٹھی شفقت۔ کوئی ادارتی یا لسانی نکتہ پوچھ لو تو مخصوص دھیمے لہجے میں جواب پہلے سے تیار، ورنہ مداخلت سے گریز کا رویہ۔ آصف جیلانی کو ہم برصغیر کی سیاسی تاریخ کا ماہر کہیں گے، مگر تھے متن کے آدمی۔ بطور صحافی البتہ زبان اتنی سادہ لکھتے کہ پان والا بھی سمجھ لے۔ دوسرے، خبر ہر قیمت پر تازہ ترین ہو۔۔۔ Latest, latest یہی لفظ زبان پہ چڑھا ہوا تھا۔ عام گفتگو میں بھی آئیے آئیے۔ بیٹھیے بیٹھیے۔ کافی سامنے ہو تو پیجیے پیجیے۔ نہ ہو تو کہیے کہیے، کیا نقشے ہیں؟ اسی لیے تو مرحوم کے جانے پر منہ سے نکلا ہے: رکیے رکیے، کہاں جا رہے ہیں؟

برگ گل ثریا شہاب، کھیل کے میدان سے اطہر علی، گرد و پیش علی احمد خان۔ میرے ذمہ تھے انگریزی اسباق اور پھر ادبی پروگرام سب رس۔ 1980 کی دہائی کے وسط میں پاکستانی وقت کے مطابق رات ساڑھے دس بجے شب نامہ شروع ہوا تو یومیہ ایک اضافی پروڈیوسر اس پر بھی مامور ہونے لگا۔ آصف صاحب زیادہ تر برصغیر، مشرق وسطی یا کسی اور خطے کے بارے میں ہفتہ وار تجزیاتی پروگرام میزان کی تیاری میں لگے رہتے۔ اس کے علاوہ کبھی لائیو ٹرانسمیشن میں نیوز بلیٹن اور کبھی سیربین کی پیش کاری۔ جہاں نما کے پیش کار کے لیے وقت کی رسمی پابندی نہیں تھی۔ البتہ نیوز ریڈر کے لیے ساڑھے نو بجے رات کا رپورٹنگ ٹائم ہوا کرتا۔ چونکہ کام بے حد مزیدار لگتا، اس لیے ہم سر شام ہی دفتر پہنچ جایا کرتے۔ اردو سیکشن پانچویں فلور پر پانچ چھوٹے بڑے کمروں اور ساتویں منزل پر دبیز قالینوں سے مزین اور ایڈیٹنگ مشین سے لیس ایک چھوٹے ہال پر مشتمل تھا۔ میں صبح کے اوقات میں اسی ہال میں رضا علی عابدی کے پہلو میں بیٹھتا۔ پروگرام آرگنائزر ڈیوڈ پیج کے ساتھ والے کمرے میں، جہاں سیربین کا پروڈیوسر دن چڑھے کرسی صدارت سنبھالتا، لائیو ٹرانسمیشن کے شرکا کا میلہ لگا ہوتا اور تازہ رپورٹوں، مراسلوں اور ٹاکس اینڈ فیچرز کی پرنٹنگ مشین ٹھنٹھناتی رہتی۔ یہیں ایسٹرن سروس کے سربراہ جم نورس اور اسسٹنٹ ہیڈ ولیم کرالے بھی آتے جاتے کوئی نہ کوئی مشورہ پھینک جاتے۔
عابدی صاحب نے ایک دن کہا تھا یہ کمرہ زیادہ آباد ہے۔ جہاں نما کی تیاری کے وقت شام گئے ماحول پرسکون ہو جاتا۔ برصغیر سے آدھی رات کو خبر کی توقع کم ہوتی، البتہ نوے کی دہائی میں فجر کے وقت نمازیوں پر مسلح حملے ہونے لگے تھے۔ شمالی امریکہ میں تب سہ پہر یا شام کا سماں ہوتا اور اقوام متحدہ پر نظر رکھنی پڑتی۔ (جاری ہے)

شوبز SHOWBIZ

بلا وجہ تنقید سے دل دکھی ہو جاتا ہے: کترینہ کیف

سب سے زیادہ تنقید کا نشانہ ٹوئٹر پر بنایا جاتا ہے اور ان کا ٹوئٹر پر کوئی اکاؤنٹ نہیں ہے

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کی باربی ڈول کترینہ کیف نے کہا کہ بلا وجہ کی تنقید سے دل دکھی ہو جاتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کترینہ کا کہنا تھا کہ تنقید کسی بھی قسم کی ہو اس سے بہت دل دکھتا ہے، بطور اداکارہ بہت تنقید کا نہ صرف سامنا کیا بلکہ اس تنقید کو بہت اچھے انداز میں سنبھالا اور اپنے اوپر کی جانے والی تنقید پر زیادہ دھیان نہیں دیا۔ اداکارہ نے کہا کہ سب سے زیادہ تنقید کا نشانہ ٹوئٹر پر بنایا جاتا ہے اور ان کا ٹوئٹر پر کوئی اکاؤنٹ نہیں ہے۔ سب سے زیادہ تنقید کا نشانہ ٹوئٹر پر بنایا جاتا ہے اور ان کا ٹوئٹر پر کوئی اکاؤنٹ نہیں ہے۔

ماہی گل نے روی کیسر سے شادی کا اعتراف کرلیا

بالی ووڈ جوڑی نے 2019 کی ویب سیریز Fixerr میں ایک ساتھ کام کیا تھا

ممبئی (شوبز نیوز) اداکارہ ماہی گل نے تصدیق کی ہے کہ انہوں نے روی کیسر سے شادی کر لی ہے۔ بالی ووڈ جوڑی نے 2019 کی ویب سیریز Fixerr میں ایک ساتھ کام کیا تھا، ماہی گل نے طویل عرصے تک اپنی شادی کو خفیہ رکھا، انہوں بھارتی میڈیا کو بتایا میں روی کیسر سے شادی کر چکی ہوں۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ دونوں کی شادی ایک قریبی تقریب میں ہوئی، ماہی گل اس وقت روی کیسر اور ان کی بیٹی ویرونیکا کے ساتھ گوا میں رہ رہی ہیں، اداکارہ نے 2019 میں ایک انٹرویو میں انکشاف کیا تھا کہ ان کی ایک بیٹی ہے۔ ویرونیکا کے بارے میں بات کرتے ہوئے ماہی نے کہا کہ مجھے بہت فخر ہے کہ میں ایک بیٹی کی ماں ہوں، ہاں، میں نے ابھی تک شادی نہیں کی۔

کینسر کی بیماری کا پتہ چلا تو خاندان کا سوچ کر گھنٹوں رویا، سنجے دت

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کے معروف اداکار سنجے دت نے بتایا کہ کینسر کی بیماری کا پتہ چلا تو خاندان کا سوچ کر گھنٹوں رویا۔ سنجے دت نے اپنے ایک انٹرویو کے دوران بتایا کہ انہیں جس دن اپنے کینسر میں مبتلا ہونے کا پتہ چلا تو اس وقت کورونا وائرس کی وجہ سے لاک ڈاؤن تھا اور میں گھر میں ہی تھا۔ انہوں نے بتایا کہ میں نہایا لیکن میں پھر بھی سانس نہیں لے پا رہا تھا، میری سمجھ سے باہر تھا کہ ہو کیا رہا ہے اور میں نے اپنے ڈاکٹر کو فون کیا جس کے بعد فوری طور پر میرا ایکسرے کیا گیا جس سے معلوم ہوا کہ پھیپھڑے آدھے سے زیادہ پانی سے بھرے ہوئے ہیں۔

نوال سعید کا سیاہ ساڑھی پہنے فوٹو شوٹ سوشل میڈیا پر وائرل

فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکارہ نوال سعید نے تصاویر شیئر کیں

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ نوال سعید کی سیاہ ساڑھی پہنے فوٹو شوٹ سوشل میڈیا پر وائرل ہو گیا۔ فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکارہ نوال سعید نے تصاویر شیئر کیں جس میں انہیں سیاہ ساڑھی میں فوٹو شوٹ کرواتے دیکھا جا سکتا ہے۔ نوال سعید نے تصاویر شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا کہ " گمنام اندھیروں کے سائے، آواز کے راز چھپائے، " اداکارہ نوال کو خوبصورت سیاہ ساڑھی کے ساتھ زمرد اور ہیرے کے زیورات پہنے ہوئے دیکھا جا سکتا جس کے ساتھ انہوں ہلکا میک اپ لک دیا ہوا ہے، ان تصاویر کو سوشل میڈیا صارفین کی جانب

نامور ڈرامہ نگار امتیاز علی تاج کی 53 ویں برسی "آج" منائی جائیگی

لاہور (شوبز نیوز) نامور ڈرامہ نگار امتیاز علی تاج کی 53 ویں برسی آج "بدھ" کے روز منائی جائے گی۔ سید امتیاز علی تاج کی پیدائش 13 اکتوبر 1900 میں لاہور کے ایک علمی گھرانے میں ہوئی۔ ان کی والدہ محمدی بیگم بچوں کے لئے کہانیاں اور عورتوں کے لئے مضامین لکھا کرتی تھیں۔ قیام پاکستان کے فوری بعد امتیاز علی تاج نے ریڈیو پاکستان لاہور پر پاکستان ہمارا ہے کے نام سے یادگار پروگرام شروع کیا۔ اس پروگرام کا مقصد مہاجرین کو ان کے لواحقین تک پہنچانا۔

راگھو جوئیل کی شہناز گل کے ساتھ تعلق کی خبر کی تردید

میں چاہتا ہوں کہ لوگ مجھے بطور اداکار، ڈانسر اور ہوسٹ کے دیکھیں، میرا کام بولے

ممبئی (شوبز نیوز) بھارتی ڈانسر، کامیڈین اور اداکار راگھو جوئیل نے ساتھی اداکارہ شہناز گل سے ڈیٹنگ کی خبروں کی تردید کر دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اپنے تازہ انٹرویو میں راگھو جوئیل نے کہا کہ میرے پاس کسی سے بھی تعلق بنانے کیلیے وقت نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں فلم 'کسی کا بھائی، کسی کی جان' کی ساتھی اداکارہ شہناز گل کو ڈیٹ نہیں کر رہا ہوں۔ راگھو جوئیل نے یہ بھی کہا کہ بہت مصروف ہوں، میرے پاس سیٹ پر کسی کے لنک اپ ہونے کا وقت ہی نہیں ہے، میں تو فلم کرنے آیا ہوں۔

پاکستان شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ رحمہ خان نے منگنی کر لی

رحمہ خان، ٹیلی ویژن اداکارہ اور کپڑے کے ایک برانڈ کی مالک ہیں

لاہور (یو این پی) اداکارہ مریم نور نے اپنی انسٹاگرام سٹوری کے ذریعے مداحوں کو بتایا ہے کہ رحمہ خان نے منگنی کر لی ہے۔ رحمہ خان کی منگنی کی تقریب میں صرف خاندان کے افراد کو مدعو کیا گیا تھا لیکن اس موقع پر ان کی دوست مریم نور بھی موجود تھیں۔ واضح رہے کہ رحمہ خان ایک خوبصورت اور باصلاحیت نوجوان پاکستانی ٹیلی ویژن اداکارہ اور کپڑے کے ایک برانڈ کی مالک ہیں۔ رحمہ متعدد ہٹ پاکستانی ڈراموں میں پرفارم کر چکی ہیں، ان کے قابل ذکر ڈراموں میں میرا یار ملا دے، روٹھی، نکاح، وانیہ، چاندی کی پریاں، درد کا رشتہ، جتن، سوتیلی اور تم میرے پاس رہو شامل ہیں۔ ان کے قابل ذکر ڈراموں میں میرا یار ملا دے، روٹھی، نکاح، وانیہ، چاندی کی پریاں، درد کا رشتہ، جتن، سوتیلی اور تم میرے پاس رہو شامل ہیں۔

سپورٹس SPORTS

شرٹس پر جوا کمپنیز کے لوگو لگانے پر پابندی ختم

دوطرفہ ٹیسٹ اور ون ڈے سیریز میں ٹیمیں اسپانسر شپ حاصل کرسکیں گی

لاہور (سپورٹس نیوز) آئی سی سی نے شرٹس پر جوا کمپنیز کے لوگو لگانے پر پابندی اٹھالی ہے۔ آئی سی سی نے شرٹس پر جوا کمپنیز کے لوگو لگانے پر پابندی اٹھالی ہے، ایک برطانوی اخبار کے مطابق 2 طرفہ ٹیسٹ اور ون ڈے سیریز میں ٹیمیں شرٹ اسپانسر شپ حاصل کر سکیں گی، البتہ کونسل کے اپنے ایونٹس میں ایسا نہیں کیا جا سکے گا۔ دریں اثنا انگلش ٹیم کو جوا کمپنیز کا لوگو استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ نے اس نرمی سے فائدہ نہ اٹھانے کا فیصلہ کر لیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ اینٹی کرپشن کوڈ کے تحت نہ صرف کرکٹرز کے جوئے کی سرگرمیوں میں ملوث ہونے بلکہ اس کی حوصلہ افزائی کرنے والے کسی بھی عمل کا حصہ بننے پر بھی معاونت ہے۔ یاد رہے کہ ای سی بی کوچ برینڈن میک کولم کے ایک بیٹنگ کمپنی سے تعلق کی تحقیقات کر رہا ہے، سابق کیوی کپتان اس کے ایمبیسڈر مقرر ہوئے تھے۔ انگلش بورڈ کے ایک آفیشل کا کہنا ہے کہ ہم میک کولم کے معاہدے کی چھان بین کر رہے ہیں، بورڈ کے جوئے کے حوالے سے قوانین موجود ہیں، ہم ہر صورت میں ان پر عمل درآمد یقینی بنائیں گے۔ یاد رہے کہ پی ایس ایل میں بھی سیروگیٹ کمپنی کے شرٹ لوگو کے مسئلے نے سر اٹھایا تھا، محمد رضوان نے لوگو پر اسٹیکر لگا کر میچ میں حصہ لیا تھا، پی سی بی نے ہوم سیریز میں اسپانسر شپ کے معاملے میں سخت پالیسی اپنانے کا اعلان کیا مگر ایک کمپنی کا معاہدہ پھر بھی قائم رہا۔

شاہین شاہ آفریدی کے ٹی 20 انٹرنیشنل میچز کی ففٹی مکمل

یاد رہے کہ شاہین سے قبل 20 پاکستانی کرکٹرز 50 یا زائد میچز کھیل چکے ہیں

لاہور (سپورٹس نیوز) شاہین شاہ آفریدی کے ٹی 20 انٹرنیشنل میچز کی ففٹی مکمل ہو گئی۔ پیسر شاہین آفریدی نے ٹی 20 انٹرنیشنل میچز کی ففٹی کا سنگ میل گزشتہ روز قذافی اسٹیڈیم لاہور میں نیوزی لینڈ سے میچ کے دوران عبور کیا۔ کپتان بابر اعظم نے شاہین کو میچ شروع ہونے سے قبل 50 ویں کیپ پیش کرتے ہوئے کیریئر میں مزید کامیابیوں کیلیے نیک خواہشات کا اظہار کیا، دیگر ساتھی کھلاڑیوں نے بھی تالیاں بجا کر حوصلہ افزائی کی اور گلے لگا کر مبارکباد بھی دی۔ یاد رہے کہ شاہین سے قبل 20 پاکستانی کرکٹرز 50 یا زائد میچز کھیل چکے ہیں، شعیب ملک نے سب سے زیادہ 123 مقابلوں میں حصہ لیا۔ کپتان بابر اعظم نے شاہین کو میچ شروع ہونے سے قبل 50 ویں کیپ پیش کرتے ہوئے کیریئر میں مزید کامیابیوں کیلیے نیک خواہشات کا اظہار کیا، دیگر ساتھی کھلاڑیوں نے بھی تالیاں بجا کر حوصلہ افزائی کی اور گلے لگا کر مبارکباد بھی دی۔

کراچی باسکٹ بال ایسوسی ایشن کی اجازت سے ٹورنامنٹ 3 مئی تا 10 مئی تک کھیلا جائے گا

کراچی (سپورٹس نیوز) فردوس اتحاد اور عثمان باسکٹ بال کلب کے زیر اہتمام کراچی باسکٹ بال ایسوسی ایشن کی اجازت سے پہلا عبدالعزیز بلوشہید باسکٹ بال ٹورنامنٹ 3 مئی سے انٹرنیشنل عبدالناصر باسکٹ بال کورٹ آرام باغ پر شروع ہوگا اور 10 مئی تک جاری رہے گا، یہ ٹورنامنٹ سندھ اسپورٹس بورڈ کے تعاون سے منعقد کیا جا رہا ہے، اسکا اعلان کمشنر کراچی کے اسپورٹس کوارڈینیٹر غلام محمد خان نے کیا، ٹورنامنٹ کا انعقاد ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس عبدالعزیز بلوشہید کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے کیا جا رہا ہے، ٹورنامنٹ میں شرکت کی خواہش مند ٹیموں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنی شرکت کی تصدیق 30 اپریل تک ٹورنامنٹ سیکریٹری اشرف بھٹی کو فون 0300-9247212 پر کرا دیں، ٹورنامنٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے چیئرمین خالد جمیل شمسی کوارڈینیٹر غلام عباس جمال ایڈووکیٹ جبکہ اراکین میں MCB کے محمد حیدر خان NBP کے محمد فاروق خان UBL کے ذوالفقار عباس خان اسسٹنٹ کمشنر اعجاز حسین رند بلوچ اور میڈیا کوارڈینیٹر اعجاز احمد قریشی PWD ہونگے، جبکہ طارق حسین، زاہد ملک، زعیمہ خاتون، راج کمار لکھوانی، عامر شریف، عامر غیاث، محمد یعقوب، نزاکت خان، سید مصنف شاہ، ممتاز احمد، نعیم احمد ٹیکنیکل آفیشلز ہونگے۔

قومی کرکٹر اور وزیر کھیل وہاب ریاض کے ہاں بیٹے کی پیدائش

وہاب نے اپنے والد کی تصویر شیئر کی اور لکھا الحمد اللہ، اللہ نے مجھے بیٹے سے نوازا ہے

لاہور (سپورٹس نیوز) قومی کرکٹر اور پنجاب کے نگران وزیر کھیل وہاب ریاض کے ہاں بیٹے کی پیدائش ہوئی ہے۔ وہاب ریاض نے ٹوئٹر پر اعلان کیا کہ ان کے ہاں بیٹے کی پیدائش ہوئی ہے، ساتھ ہی کرکٹر نے ایک جذباتی پیغام بھی شیئر کیا اور کہا کہ ان کے بیٹے کا نام ان کے پیارے مرحوم والد کی یاد میں سکندر رکھا گیا ہے۔ وہاب نے اپنے والد کی تصویر شیئر کی اور لکھا الحمد اللہ، اللہ نے مجھے بیٹے سے نوازا ہے، ایک بار پھر سکندر میری زندگی میں واپس آگیا ہے، سکندر ہمیشہ سے میری زندگی کا حصہ تھا اور رہے گا۔

قومی ٹیم کے ممکنہ کنسلٹنٹ مکی آرتھر پاکستان پہنچ گئے

سابق ہیڈ کوچ نیوزی لینڈ سے سیریز کے ایک یا دو میچز میں ذمہ داری بھی سنبھالیں گے

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ ٹیم کے ممکنہ کنسلٹنٹ اور سابق ہیڈ کوچ مکی آرتھر پاکستان پہنچ گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مکی آرتھر اسلام آباد میں پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) حکام کے ساتھ ملاقات کریں گے اور آئندہ کے معاملات طے کریں گے جبکہ کوچنگ سٹاف، کپتان قومی ٹیم بابر اعظم سمیت دیگر کھلاڑیوں سے بھی ملیں گے۔ رپورٹس میں دعوی کیا گیا کہ سابق ہیڈ کوچ نیوزی لینڈ سے سیریز کے ایک یا دو میچز میں ذمہ داری بھی سنبھالیں گے مگر انکے دورے کا اصل مقصد کوچنگ ٹیم کو سیٹ کرنا اور بابر اعظم و دیگر سے مشاورت ہے۔ یاد رہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین نجم سیٹھی نے چند روز قبل بتایا تھا کہ مکی آرتھر 18 اپریل کو آ رہے ہیں۔ واضح رہے کہ نجم سیٹھی نے نجی ٹی وی کو دیئے انٹرویو۔

ایک دن بھارت کا مستقبل قرار، اگلے روز رکشہ چلانے کا مشورہ

ممبئی (سپورٹس نیوز) بھارتی فاسٹ بولر محمد سراج سوشل میڈیا سے ناخوش ہیں۔ محمد سراج کا کہنا ہے کہ وہاں شائقین ایک دن میں کسی کو آسمان پر چڑھا دیتے تو اگلے روز زمین پر کھینچ لاتے ہیں۔ سراج نے کہا کہ کسی کو سوشل میڈیا پر برا بھلا کہنا بہت آسان ہے مگر وہ نہیں جانتے کہ جس کے بارے میں بات کر رہے ہیں اس نے کتنی جدوجہد کی، اس طرح کی چیزیں تحریک کا خاتمہ کر دیتی ہیں، میں خود ان کا سامنا کر چکا، ایک روز اچھی پرفارمنس پر مجھے بھارت کا مستقبل قرار دیا جاتا تو اگلے روز کہا جاتا کہ ٹیم چھوڑ کر رکشہ چلانا شروع کر دوں۔ کہ کسی کو سوشل میڈیا پر برا بھلا کہنا بہت آسان ہے مگر وہ نہیں جانتے کہ جس کے بارے میں بات کر رہے ہیں اس نے کتنی جدوجہد کی، اس طرح کی چیزیں تحریک کا خاتمہ کر دیتی ہیں، میں خود ان کا سامنا کر چکا، ایک روز اچھی پرفارمنس پر مجھے بھارت کا مستقبل قرار دیا جاتا تو اگلے روز کہا جاتا کہ ٹیم چھوڑ کر رکشہ چلانا شروع کر دوں۔

شہروز کاشف دنیا کی 11 بلندترین چوٹیاں سر کرنیوالے کم عمر کوہ پیما بن گئے

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کے نوجوان کوہ پیما شہروز کاشف نے ایک اور اعزاز اپنے نام کر لیا، شہروز نے، 8 ہزار 91 میٹر بلند ماؤنٹ انا پورنا کو سر کر لیا۔ نیپال میں واقع ماؤنٹ انا پورنا دنیا کی دسویں بلند ترین چوٹی ہے اور اس کا شمار دنیا کی خطرناک ترین چوٹیوں میں ہوتا ہے۔ 21 سالہ شہروز کاشف پاکستانی وقت کے مطابق 6 بج کر 31 منٹ پر انا پورنا ٹاپ پر پہنچے، نوجوان پاکستانی کوہ پیما اب تک 8 ہزار میٹر سے بلند 11 چوٹیاں سر کر چکے ہیں۔ شہروز کاشف 8 ہزار میٹر سے بلند 11 چوٹیاں سر کرنے والے دنیا کے کم عمر کوہ پیما بن گئے ہیں۔

شہروز کاشف دنیا کی 11 بلندترین چوٹیاں سر کرنیوالے کم عمر کوہ پیما بن گئے
لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کے نوجوان کوہ پیما شہروز کاشف نے ایک اور اعزاز اپنے نام کر لیا، شہروز نے، 8 ہزار 91 میٹر بلند ماؤنٹ انا پورنا کو سر کر لیا۔ نیپال میں واقع ماؤنٹ انا پورنا دنیا کی دسویں بلند ترین چوٹی ہے اور اس کا شمار دنیا کی خطرناک ترین چوٹیوں میں ہوتا ہے۔ 21 سالہ شہروز کاشف پاکستانی وقت کے مطابق 6 بج کر 31 منٹ پر انا پورنا ٹاپ پر پہنچے، نوجوان پاکستانی کوہ پیما اب تک 8 ہزار میٹر سے بلند 11 چوٹیاں سر کر چکے ہیں۔

انگلش کاؤنٹی چیمپئن شپ، حسن علی کی میچ میں 5 وکٹیں

حسن علی نے میچ میں 87 رنز کے عوض 5 وکٹیں لیں

لندن (سپورٹس نیوز) حسن علی نے عمدہ بولنگ سے کاؤنٹی چیمپئن شپ میں اپنی ٹیم ورکشائر کو کینٹ پر سنسنی خیز مقابلے میں فتح دلا دی۔ پیسر حسن علی نے کینٹ کیخلاف پہلی اننگز میں 3 وکٹیں لی تھیں، دوسری باری میں 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، اس میں جوئے ایونسن کی قیمتی وکٹ بھی شامل تھی، وہ کافی دیر سے ایک اینڈ سنبھالے کینٹ کو ڈرا کی جانب لے جا رہے تھے تاہم حسن علی نے انھیں 99 کے اسکور پر آؤٹ کر دیا۔ جوئے ایونسن ایک رن کی کمی سے سنچری مکمل نہیں کر پائے، ان کی صورت میں آخری وکٹ گرنے سے کینٹ کو بھی شکست ہو گئی، حسن علی نے میچ میں 87 رنز کے عوض 5 وکٹیں لیں۔ حسن علی نے عمدہ بولنگ سے کاؤنٹی چیمپئن شپ میں اپنی ٹیم ورکشائر کو کینٹ پر سنسنی خیز مقابلے میں فتح دلا دی۔ پیسر حسن علی نے کینٹ کیخلاف پہلی اننگز میں 3 وکٹیں لی تھیں، دوسری باری میں 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، اس میں جوئے ایونسن کی قیمتی وکٹ بھی شامل تھی۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 19 اپریل 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 19 اپریل 2023، صبح 07:00 بجے تا دن 11:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل اقبال ٹاؤن، ضیا مسجد، ایچ ایٹ، شفا انٹرنیشنل فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، چہان، چونترہ، راجڑ، چکری، ایس پی ڈی، ایس پی ایف فیڈرز، جہلم سرکل، ڈومیلی فیڈر، اٹک سرکل، مینا والہ، خان آباد، لالہ زار، لالہ رخ، سمال انڈسٹریل، پورمیانہ، گڑھی افغانہ، شادی خان، شمس آباد فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

کی چھپائی کیلئے رقم کی ادائیگی کی آج آخری تاریخ تھی، بروقت چھپائی نہ ہوئی تو الیکشن کمیشن ذمہ دار نہیں، تصویروں والی انتخابی فہرستوں کی چھپائی پہلے ہی تاخیر کا شکار ہے۔ الیکشن کمیشن نے بتایا کہ ہماری ذمہ داری صرف انتخابات کا انعقاد نہیں، صاف وشفاف انتخابات کا انعقاد یقینی بنانا ہے تاکہ ووٹرز کسی ڈر اور خوف کے بغیر آزادانہ طور پر اپنا حق رائے دہی استعمال کر سکیں۔ عدالت کو مزید بتایا گیا کہ 8 اکتوبر کو انتخابات کا انعقاد زمینی حقائق کی روشنی میں کیا گیا، اگر 8 اکتوبر سے پہلے انتخابات ہوئے تو ملک میں انارکی اور افراتفری پھیلنے کا خدشہ ہے، الیکشن کمیشن یہ ذمہ داری اٹھانے کو تیار نہیں۔

بقیہ 2

فیصلہ کرے گا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر شیخ رشید احمد نے کہا کہ سپریم کورٹ الیکشن کمیشن کو پیسے ٹرانسفر کرا کر رہے گی، جو سپریم کورٹ کا فیصلہ نہیں مانے گا وہ اپنے انجام کو پہنچے گا، 90 دن گزر گئے ہیں، نگران حکومتیں ختم ہوگئی ہیں، سپریم کورٹ سارے ملک کو بحران سے نکالے گی۔ عدلیہ اپنی آئینی اور قانونی ذمہ داری اسی ہفتے پوری کر یگی ساری قوم عدلیہ کے پیچھے کھڑی ہے پیسے بھی دینے ہوں گیالیکشن بھی ہوں گیا

بقیہ 3

آئین کی گولڈن جوبلی تقریبات کے سلسلے میں مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان اور ایرانی کلچر قونصلیٹ کے تعاون سے قرآن پاک کے نادر نسخہ جات کی نمائش کے دوران انہوں نے کہا کہ قرآن حکیم کے نادر نسخوں کی نمائش ہماری آنے والی نسل کو اسلامی اقدار اور روایات سے روشناس کرائے گی، پاکستان ایران کے ساتھ اپنے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ 27 رمضان المبارک کے دن قرآن پاک کی نادر نسخوں کی نمائش انتہائی قابل ستائش ہے، اس نمائش سے عوام اور عوامی نمائندوں کو قرآن پاک کے نادر نسخہ جات دیکھنے کا موقع میسر آئے گا۔

بقیہ 4

کے علاوہ ملک بھر میں انتخابات ایک ہی روز کروانے پر بھی اتفاق ہوا، لیاقت بلوچ نے مسلم لیگ کی قیادت سے سیاسی تنا کم کرنے میں تعاون کی درخواست بھی کی۔ چودھری شجاعت حسین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم بھی سیاسی بحران کو ختم کرنا چاہتے ہیں تاکہ ملک آگے بڑھ سکے، پہلی دفعہ ہے کہ ملکی ادارے آپس میں دست و گریبان ہیں، یہ حالات ملک کیلئے کسی صورت مناسب نہیں ہیں۔ چودھری سرور نے کہا کہ سیاسی بحران کو ختم کرنے کیلئے ایک دن الیکشن ہونے چاہئیں، ملکی معاشی صورتحال بار بار انتخابات کی متحمل نہیں ہوسکتی ہے، سیاست دانوں کو ملکر عوام کے معیار زندگی کو بلند کرنے کا سوچنا ہوگا۔

بقیہ 5

کے نئے سفیر ہوں گے، جنیوا میں پاکستان کے مستقل مندوب خلیل ہاشمی کو روس میں سفیر تعینات کیا گیا ہے، مدثر ٹیپو تہران، ذیشان احمد عراق اور ساغب رف بحرین میں نئے سفیر ہوں گے۔ کینیا میں پاکستان کی ہائی کمشنر سیدہ ثقلین جرمنی میں پاکستان کی سفیر ہوں گی، ایتھوپیا میں پاکستانی سفیر شوذب عباس میکسیکو میں پاکستان کے سفیر جبکہ شعیب سرور کو ڈنمارک اور مدثر چودھری کو مراکش میں سفیر تعینات کیا گیا ہے، احسن رضا شاہ ملائیشیا اور احمد معروف بنگلا دیش میں پاکستان کے نئے سفیر ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق سعودی عرب میں پاکستانی سفیر امیر خرم راٹھور کو انڈونیشیا میں پاکستان کا نیا سفیر تعینات کیا گیا ہے، ڈنمارک میں موجود احمد فاروق سعودی عرب میں پاکستان کے نئے سفیر ہوں گے جبکہ عامر احمد عطوزئی کی بطور قونصل جنرل نیو یارک میں تعیناتی کی منظوری دی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیراعظم آفس کی جانب سے بھیجے گئے ناموں میں سے دو ناموں پر اعتراض عائد کیا گیا تھا، سابق سیکرٹری خارجہ سہیل محمود کو چین میں تعینات کرنے کی سفارش کی گئی تھی جس پر اعتراض کیا گیا، پاکستان کے مراکش میں سفیر حماد اصغر کی ترکمانستان تعیناتی کی سفارش پر بھی اعتراض اٹھایا گیا تھا۔ اعتراض کے بعد دونوں ناموں کو سمری سے ہٹا کر بقیہ تمام سفیروں کی تعیناتی کی منظوری دے دی گئی، تمام نئے نامزد سفرا جلد اپنی نئی سفارتی ذمہ داریاں سنبھال لیں گے۔

بقیہ 6

میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گناہوں سے بچنا اور عبادت کرنا اہم ہے، قرآن کو پڑھنا ہی نہیں سمجھنا اور عمل کرنا اہم ہے، زندگی گزارنے کے اسلوب قرآن کے ذریعے اللہ نے ہمیں بتلا دیئے، ایک زندگی سے ہی گھر اور معاشرہ وجود میں آتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں سب سے اہم بات تربیت اور دیانت ہے، ہمیں اپنے معاملات میں دیانت اور خدمت کا شعار اپنانا ہوگا، معاملات میں دیانت ہی ہمارے دین کی اساس ہے، بچے ہمارا مستقبل ہیں، میرا سیاسی مقصد نہیں ہے، پاکستان کیحالات اچھے نہیں ہیں

بقیہ 7

کہ زیادتی کا نشانہ بنائی جانے والی لڑکی کی شناخت ام عمارہ کے نام سے ہوئی جسے اجتماعی زیادتی کے بعد قتل کیا گیا۔ لڑکی کی عمر 22 سال تھی، جس کو زیادتی اور قتل کے بعد فیصل ٹاؤن نہر میں پھینک دیا گیا تھا۔ ملزمان بلال، رضا اور حمزہ نے مقتولہ کو جناح اسپتال چوک سے اغواء کیا تھا ملزمان نے لڑکی کو زیادتی کا نشانہ بنایا اور شور مچانے پر گلا دبا کر قتل کیا۔ فیصل ٹاؤن انویسٹی گیشن پولیس نے سی سی ٹی وی کیمروں سمیت جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ یاد رہے کہ لڑکی کے مبینہ اغوا کی رپورٹ 20 مارچ کو تھانہ فیصل ٹاؤن لاہور میں اسکے والد کی مدعیت میں درج کی گئی تھی

بقیہ 8

استحکام آئے گا تو معاشی حالت ٹھیک ہوگی، سیاستدانوں کو مذاکرات کے دروازے ہمیشہ کھلے رکھنے چاہئیں، سیاسی جماعتوں کا کام ہے کہ مسائل کا حل نکالا جائے۔ سابق وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے مزید کہا ہے کہ پارلیمنٹ اور عدلیہ کو تصادم سے بچا کیلئے بات چیت کی جائے

بقیہ 9

ڈار سمیت دیگر اراکین کے ہمراہ قیام اللیل کیلئے مسجد نبوی ﷺ پہنچے تھے جہاں انہوں نے رمضان المبارک کی 27 ویں شب گزاری۔ سابق وزیراعظم نے مسجد نبوی ﷺ میں ریاض الجنہ میں نوافل ادا کیے اور ملک وقوم کی خوشحالی اور سلامتی کے لئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

بقیہ 10

بلال کمیٹی کے اجلاس کی صدارت چیئرمین مولانا عبدالخبیر آزاد کریں گے۔ واضح رہے ماہرین فلکیات کی پیشگوئی کے مطابق پاکستان میں عیدالفطر بروز ہفتہ 22 اپریل کو ہو گی، حتمی اعلان چیئرمین رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد 20 تاریخ کی شب کریں گے۔

بقیہ 11

خان سے مرکزی صدر پی ٹی آئی چودھری پرویز الہی نے ملاقات کی، پنجاب میں الیکشن کیلئے ٹکٹوں پر تفصیلی مشاورت اور ملکی سیاسی صورتحال پر بات چیت کی گئی، عمران خان نے خصوصی طور پر مونس الہی کی خیریت بھی دریافت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے عمران خان نے کہا کہ پنجاب اور خیبر پختونخواہ کے وزرائے اعلی کی جانب سے سپریم کورٹ میں درخواست دائر کر رہے ہیں، خواجہ طارق، رحیم اور فواد چودھری پیروی کریں گے۔ ملاقات کے بعد گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیراعلی پنجاب چودھری پرویز الہی نے کہا کہ پنجاب میں امیدواروں پر تفصیلی مشاورت ہوئی ہے، ٹکٹوں کا اعلان عمران خان خود کریں گے، الیکشن کو روکنے کیلئے ہر غیر آئینی ہتھکنڈہ استعمال کیا جا رہا ہے۔ چودھری پرویز الہی نے کہا کہ نااہل حکمرانوں کو اپنے ہر غیر آئینی اقدام کا جواب دینا ہوگا، شہباز شریف کسی بھی صورت اقتدار سے چمٹے رہنا چاہتے ہیں چاہے انہیں آئین شکنی ہی کیوں نہ کرنی پڑے۔ سابق وزیراعلی پنجاب نے کہا کہ آئین شکن شہباز شریف قوم کے سامنے بری طرح ایکسپوز ہو چکا ہے۔

بقیہ 12

کورنگی کے مطابق عوامی کالونی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 3 چور خواتین کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزماؤں کی شناخت نازیہ، حمیدہ اور اقرا کے ناموں سے کی گئی، مذکورہ گروہ مختلف مارکیٹوں اور رش والی جگہوں پر چوری کی وارداتیں کرتی ہیں، خواتین چور گروہ کی مختلف مارکیٹوں کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی وائرل ہوئی تھی، سی سی ٹی وی فوٹیج میں خواتین کو سامان چوری کرتے دیکھا گیا، پولیس کو نجی مارٹ میں چور گروہ کی موجودگی کی اطلاع ملی تھی پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے تینوں خواتین کو حراست میں لے لیا ملزماؤں نے مختلف مارکیٹوں میں خواتین کے پرس سے رقم اور موبائل سمیت دیگر اشیاء چوری کرنے کا اعتراف بھی کیا ہے، ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش کیلئے وومن پولیس اسٹیشن روانہ کردیا گیا

بقیہ 13

مجسٹریٹ ملک امان نے کی۔ پراسیکیوٹر راجہ رضوان عباسی نے کہا کہ عمران خان کو عدالت نے ذاتی حیثیت میں طلب کیا ہے، عمران خان کی گزشتہ سماعت پر حاضری سے استثنٰی کی درخواست منظور نہیں ہوئی، عمران خان کی آج بھی حاضری سے استثنٰی کی درخواست منظور نہیں ہونی چاہیے اور عمران خان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری ہونے چاہئیں، عمران خان کے قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری ویسے ہی جاری ہیں۔ پراسیکیوٹر نے کہا کہ عمران خان کے علاوہ کسی اور ملزم کے ساتھ بھی ایسا ہی رویہ ہوتا وارنٹ پر عمران خان کی جانب سے ہمیشہ اپیل دائر ہوجاتی ہے، عمران خان اپیل دائر کرتے ہیں تاہم خود عدالت پیش نہیں ہوتے، توشہ خانہ کیس میں وارنٹ کی تعمیل کے لیے جانے والے ایس پی کو تحریک انصاف نے تشدد کا نشانہ بنایا۔ عمران خان کے وکیل علی بخاری نے کہا کہ توشہ خانہ کیس میں اسلام آباد انتظامیہ نے عدالت شفٹ کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا تھا، عمران خان کی سکیورٹی واپس لینے سے متعلق وفاقی حکومت سے عدالت نے جواب طلب کر رکھا ہے

بقیہ 17

کیا انکا مزید کہنا تھا کہ لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی جانب سے شہر بھر میں زیرو ویسٹ آپریشن جاری ہے۔ شہر کے حسن کو بحال کرنے کے لیے خصوصی صفائی آپریشن کیا جا رہا ہے۔ سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی بابر صاحب دین کی خصوصی ہدایت پر سینئر منیجر منیب الرحمٰن نے تقریباً پندرہ ہزار ٹن ویسٹ اپنی مکمل ٹیم کے ہمراہ دن رات محنت کر کے کلئیر کروایا۔ سی ایم پنجاب کی بچت پالیسی کو مدنظر رکھتے ماہانہ پچاس ہزار لیٹر فیول کم کر کے بھی شہر کو زیرو ویسٹ کیا گیا ہے۔ انکا مزید کہنا تھا کہ لاہور کی صفائی میں کسی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ افسران فیلڈ میں ورکرز کی سو فیصد حاضری یقینی بنائیں۔ تمام ٹاؤنز میں مرحلہ وار زیرو ویسٹ آپریشن کیا جائے۔ شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ ماہ مقدس میں صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ صفائی سے متعلق شکایات کے ازالے کے لیے ایل ڈبلیو ایم سی کی ہیلپ لائن 1139 پر رابطہ کریں یا سوشل میڈیا ایپ کا استعمال کریں۔\

بقیہ 19

، جنیوا میں ڈونرز سے رقم حاصل کرنے کا پلان بھی آئی ایم ایف کو دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزارت خزانہ اور آئی ایم ایف درمیان فنانسنگ پر بات چیت جاری ہے، حکام نے آئی ایم ایف سے درخواست کی ہے کہ پہلے معاہدہ ہو جائے تو فنانسنگ کا انتظام کرنا آسان ہو جائے گا، اب حکومت کو قرض پلان پر آئی ایم ایف کی جانب سے رسپانس ملنے کا انتظار ہے۔

بقیہ 20

کی جانب سے تیسرے گواہ کا بیان عدالت میں قلمبند کروانے کی تیاری مکمل کر لی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق عمران خان کے سابقہ قریبی ساتھی عون چوہدری کیس میں بطور گواہ شامل ہوں گے اور وہ اپنا بیان کل یا اپنی دستیابی پر عدالت میں قلم بند کروائیں گے۔

بقیہ 21

بغیر کسی سرچارج کے 26 اپریل 2023 تک اپنا بل جمع کرواسکتے ہیں۔ اس ضمن میں آئیسکو فیلڈ فارمیشنز اور بینکوں کو ضروری ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔

بقیہ 22

، چاند رات اور عید کے تینوں دن شہر کی صفائی عملہ کی چھٹیاں منسوخ کرتے ہوئے خصوصی ڈیوٹیاں تفویض کر دی گئیں، عیدگاہوں، مساجد، اور قبرستانوں کے اطراف میں خصوصی صفائی کی جائیگی اور چونا پھینکا جائیگا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے زیر صدارت ایک اعلی سطح اجلاس میں کیا۔ جس میں سینئر مینیجر آپریشنز آر ڈبلیو ایم سی محمد حسنین نے اجلاس کو عیدالفطر کے صفائی پلان پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ راولپنڈی کی تمام مساجد، عیدگاہوں اور قبرستانوں کے اطراف میں خصوصی صفائی مہم کا آغاز کر دیا ہے، سڑکوں کی مکینیکل سویپنگ اور واشنگ کی جائیگی، قبرستان، مساجد، سڑکوں، چوکوں اور بازاروں میں چونا پھینکا جائیگا، چاند رات میں شہر کی صفائی کیلئے ورکرز کی خصوصی ڈیوٹیاں لگائی جائینگی، نماز عید سے قبل تمام کوڑا اٹھا لیا جائیگا، مساجد اور عیدگاہوں کی خصوصی صفائی کی جائیگی، سینیٹری ورکرز وہاں موجود رہیں گے، سڑکوں کو دھویا جائیگا اور عرق گلاب کا چھڑکا کیا جائیگا، سی ای او راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی رانا ساجد صفدر نے سینئر مینیجر آپریشنز کو خصوصی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے ہر خاص دن، تہوار کے موقع پر صفائی کا اعلی معیار قائم کیا ہے، اس عیدالفطر پر بھی آپ سے اسی بہترین کارکردگی کی توقع کی جاتی ہے، خوشی کے اس تہوار پر شہر کو بھرپور طریقے سے صاف کیا جائے تاکہ شہری صاف ستھرے ماحول میں خوشیاں منا سکیں، عید پر شہر میں کہیں بھی گندگی، کوڑا کرکٹ نظر نہیں آنا چاہئے، اگر اس حوالے سے شہریوں کی شکایات موصول ہوئیں تو ذمہ داروں کیخلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائیگی، انہوں نے مزید کہا راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی سوشل موبلائزیشن اینڈ کیمونیکیشن ٹیم بھی آپریشن سٹاف کے شانہ بشانہ فیلڈ میں شہریوں کو آگاہی دینے میں مصروف عمل ہے۔

بقیہ 23

بڑھ گیا ہے دوسری طرف کمر توڑ مہنگائی کی وجہ سے غریب طبقہ اشیا کے منہ مانگے دام وصول کرنے پر بے بسی کی تصویر بنے نظر آ رہا ہے۔ شہریوں کا عیدالفطر کے لیے سامان خریدنا مشکل ہو چکا ہے۔ عید پر پہننے والے ملبوسات بھی مہنگے ہو گئے ہیں، ریڈی میڈ کپڑوں کی قیمت میں 40 فیصد اضافہ کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح جوتوں اور چوڑیوں کی قیمتوں میں بھی بے تحاشہ اضافہ ہو گیا ہے۔ کمر توڑ مہنگائی خریداری کیلئے آنیوالے لوگوں کے لیے دردسر بن چکی ہے اور وہ مہنگے ملبوسات اور دیگر اشیا خریدے بغیر ہی گھروں کو خالی ہاتھ واپس جانے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ ادھر درزیوں نے بھی سلائی کی اجرت میں اضافہ کر کے غریبوں کے لئے شدید مشکلات پیدا کر دی ہے۔ عیدالفطر کی آمد قریب آتے ہی ذخیرہ اندوزوں اور منافع خور مافیا کے وارے نیارے ہو چکے ہیں اور وہ اشیا کو من مانی قیمتوں پر فروخت کرتے نظر آتے ہیں۔ یوں رواں سال مہنگائی نے شہریوں کی عید کی خوشیاں ماند کر دی ہے۔ یہاں واضح رہے کہ گزشتہ ایک سال کے دوران ملک میں مہنگائی کے تمام ریکارڈ ٹوٹ گئے، کمر توڑ مہنگائی کے باعث پاکستانیوں کیلئے رواں سال کا رمضان المبارک اور عیدالفطر مشکل ترین ثابت ہوئے۔

بقیہ 24

کسی وجہ سے نشست خالی ہوجائے تو اس پر ضمنی انتخاب نہیں ہوگا آئین کے تحت 14 اپریل کے بعد خالی والی نشست پر ضمنی الیکشن نہیں ہوں گے۔ جبکہ گزشتہ دنوں جے یو آئی کے رہنما اور وفاقی وزیر مذہبی امور مفتی عبدالشکور ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہو گئے تھے، ان کے انتقال کے باعث خالی ہونے والی این اے 51 کی نشست پر بھی ضمنی انتخاب نہیں ہو سکے گا۔ یاد رہے کہ موجودہ قومی اسمبلی کی مدت 12 اگست کی رات 12 پوری ہو جائے گی۔ یہ بھی خیال رہے کہ کچھ روز قبل پشاور ہائیکورٹ نے خیبر پختونخوا میں قومی اسمبلی کی 3 نشستوں پر 30 اپریل کو ہونے والے ضمنی انتخابات کا شیڈول معطل کر دیا تھا۔ پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس اشتیاق ابراہیم اور جسٹس عتیق شاہ نے خیبر پختونخوا میں قومی اسمبلی کی 3 نشستوں پر 30 اپریل کو ہونے والے ضمنی انتخابات کے شیڈول سے متعلق تحریری فیصلہ جاری کیا۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا کہ وکیل درخواست گزار نے ضمنی انتخابات کا شیڈول آرٹیکل 224 کے رو سے غلط قرار دیا جبکہ ڈپٹی اٹارنی جنرل نے شیڈول کو آرٹیکل 223 اور 224 کے مطابق قرار دیا۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں لکھا کہ آرٹیکل 223 اور 224 غور طلب ہے جس کی بنا پر فی الحال ضمنی انتخابات کے شیڈول کو معطل کیا جاتا ہے۔ تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ آرٹیکل 223 اور 224 کی وضاحت کے لیے اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری کیے جائیں گے۔ الیکشن کمیشن نے این اے 22 مردان، این اے 24 چارسدہ اور این اے 31 پشاور پر 30 اپریل کو ضمنی انتخابات شیڈول جاری کیا تھا

بقیہ 25

نے ہمراہ ٹیم اپنی پیشہ ورانہ مہارت کو بروئے کار لاتے ہوئے موٹر سائیکل چور گروہ تک رسائی حاصل کر کے بنہ الائی اور بٹگرام سے چوری ہونے والی موٹر سائیکلیں برآمد کر کے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے

بقیہ 26

پر ایک شخص کو قتل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق ڈاکوؤں نے کورنگی میں ایک میڈیکل اسٹور پر لوٹ مار کے دوران ایک شخص کو فائرنگ کر کے قتل کردیا۔ ریکارڈ پر آنے والے اعداد و شمار کے مطابق رمضان المبارک کے دوران ڈاکوؤں نے مزاحمت پر 10 افراد کو فائرنگ کر کے زندگی سے محروم کر دیا جب کہ رواں سال کے دوران اب تک مجموعی طور پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے 41 شہری موت کے گھاٹ اتارے جا چکے ہیں۔ حالیہ واقعہ کورنگی کے علاقے ڈھائی نمبر سیکٹر 32 اے میں پیش آیا، جہاں موٹر سائیکل سوار مسلح ڈاکوؤں نے لوٹ مار کے دوران مزاحمت پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں ایک شخص موقع ہی پر جاں بحق ہوگیا۔ مقتول کی لاش جناح اسپتال پہنچائی۔ مقتول کی شناخت 33 سالہ یاسر کے نام سے کی گئی۔ افسوس ناک واقعہ افطاری کے وقت پیش آیا۔ مقتول کو سر پر ایک ہی گولی لگی تھی جو جان لیوا ثابت ہوئی۔ مقتول شادی شدہ اور اسی علاقے کا رہائشی تھا۔

بقیہ 27

اور قمر زمان کائرہ شامل تھے۔ ن لیگ کی نمائندگی ایاز صادق، سعد رفیق اور رانا ثناء اللہ نے ویڈیو لنک کے ذریعے کی۔ ملاقات میں قومی سطح پر سیاسی انتشار کے تدراک کے لیے مذاکرات کے عمل کو شروع کرنے کے اقدامات پر غور کیا گیا، اس سے قبل پی پی اور اے این پی کے رہنماؤں میں بھی ملاقات ہوئی جس میں ملک میں جاری سیاسی کشیدگی اور معاشی استحکام پر سیاسی لائحہ عمل طے کرنے کے لیے مشاورت پر زور دیا

بقیہ 28

شہری کال کر کے اپنی شکایات درج کرواسکتے ہیں۔

بقیہ 29

10 مرلہ پلاٹ، بحریہ کمرشل ایریا میں 5 مرلہ پلاٹ ملکیت ہے۔ ملزم کے نام پر گاڑی ٹویوٹا ہائی ایس اے وی وائی 99 اور گاڑی ٹویوٹا ویگو سی جی۔600 بھی قرق کر دی گئیں۔ علاوہ ازیں ملزم کے تمام بینک اکاؤنٹس بھی منجمد اور بحق سرکار ضبط ہوگئے۔ ملزم کے خلاف تھانہ نیو راولپنڈی میں فوجداری دفعہ 406 اور 506 کے تحت 2022ء میں مقدمہ درج ہوا تھا۔ کیس میں وی لاگر میجر (ر) عادل راجا کو کروڑوں روپے مبینہ اراضی فراڈ، قتل دھمکیاں دینے کے مقدمے میں اشتہاری ملزم بھی قرار دے دیا گیا جب کہ عدالت نے ملزم کے اشتہاری کے ساتھ دائمی وارنٹ گرفتاری بھی جاری کر دیے۔ تفتیشی افسر نے عدالت سے استدعا کی تھی کہ مطابق ملزم دانستہ مفرور ہے اور شامل تفتیش نہیں ہو رہا، پراپرٹی ضبط کی جائے۔ عدالت نے ملزم کے خلاف مقدمہ اس کی گرفتاری تک داخل دفتر کر دیا۔

بقیہ 30

، جوتوں سمیت دیگر اشیاء کی قیمتوں میں دوگنا اضافہ ہونے کی وجہ سے شہری عید کی خریداری سے محروم ہونے لگے دوسری جانب دکانداروں نے بھی من پسند قیمتیں لگا کر عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کر رکھا ہے عوام نے حکومت سے مہنگائی کم کرنے کیلئے فوری اقدامات اٹھانے کا مطالبہ کیا ہے، شہر بھر کے بازاروں میں افطار کے بعد عوام کی بڑی تعداد عیدالفطر کی خریداری کیلئے مختلف بازاروں کا رخ کرتے ہیں تاہم امسال مہنگائی نے شہریوں کی عید کی خوشیاں بھی ماند کر دی اور شہری مہنگائی کے باعث بغیر خریداری کے بازاروں سے واپس لوٹنے لگے دوسری جانب دکانداروں کے زیادہ منافع کے چکر میں بھی مصنوعی مہنگائی سے عوام پریشان دکھائی دینے لگے تاہم شہری عید کی خریداری ان لائن کرنے کو بھی ترجیح دینے لگے۔

بقیہ 31

ہر مہینے جمع کرایا جائے۔ اسٹیٹ بینک نے واضح کیا ہے کہ مقررہ ٹائم لائن تک کنٹرول لاگو نہ ہوئے تو صارفین کو فراڈ کا معاوضہ 3 دن میں ادا کرنے کے ذمہ دار بینک ہوں گے

بقیہ 32

ایسوسی ایشن راولپنڈی ڈویژن کے صدر ابرار احمد خان نے جامع مسجد قدیمی موہن پورہ میں تکمیل قرآن کے موقع پر بچوں کی دستار فضیلت کی منعقدہ محفل سے خطاب کرتے ہوئے کیا محفل قرآن کی تقریب میں معروف سماجی وسیاسی شخصیت گلفراز خان جدون ، چوہدری ثاقب، محمد تاج خان، عبدالقیوم خان، حافظ محمد وسیم، محمد فرحان و دیگر کے علاوہ اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ابرار احمد خان نے کہا کہ حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق جس سینے میں قرآن نہیں وہ ویران گھر کی طرح ہے۔ دلوں کی آبادی ایمان اور تلاوت قرآن سے ہوتی ہے۔ حضرت عبداللہ ابن مسعود فرماتے ہیں کہ یقیناً گھروں میں سب سے زیادہ خالی گھر وہ ہے جس میں اللہ کی کتاب کا کوئی حصہ نہیں۔ امام غزالی ابو ہریرہ کا ایک قول نقل فرماتے ہیں کہ بلاشبہ وہ گھر جس میں قرآن کی تلاوت ہوتی ہے وہ اہل خانہ کے ساتھ وسیع ہو جاتا ہے اسکی خیر و برکت بڑھ جاتی ہے اس میں فرشتے آتے ہیں اور شیطان اس سے نکل بھاگتے ہیں اور وہ گھر جس میں قرآن کی تلاوت نہیں کی جاتی وہ اہل خانہ کے ساتھ تنگ ہو جاتا ہے اسکی خیر و برکت کم ہو جاتی ہے اور اس سے فرشتے چلے جاتے ہیں اور اس میں شیطان آ جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قرآن سے خالی سکینہ ایک ویرانہ ہے۔

بقیہ 33

میں بھکر تھانے میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ جبکہ قبل ازیں علی امین گنڈاپور کیخلاف وفاقی دارالحکومت میں درج کی ساعت کے دوران اسلام آباد کی عدالت نے انہیں ایک روز جسمانی ریمانڈ پر اسلام آباد پولیس کے حوالے کرتے ہوئے انسداد دہشت گردی عدالت میں پیش کرنے کا حکم دیا تھا۔ بغاوت پر اکسانے اور دہشتگردی کی دفعات کے تحت درج مقدمات میں علی امین گنڈاپور کو ڈیوٹی جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا گیا، جہاں پراسیکیوٹر کی جانب سے 5 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی گئی۔ پراسیکیوٹر عدنان کی جانب سے ایف آئی آر پڑھ کر سنائی اور کہا کہ تمام دفعات ناقابل ضمانت ہیں علی امین نے پولیس کو دھمکایا کہ وہ اپنا کام نہ کریں، 22 ای میں کم سے کم 15 دن تک ریمانڈ لیا جاسکتا ہے۔ دوران سماعت علی امین گنڈاپور کے وکیل بابر اعوان نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ ایف آئی آر میں تاریخ وقوعہ دیکھیں 2022 کا ہے ایک مجسٹریٹ ہیں جس نے مقدمہ درج کروایا ہے، مجسٹریٹ خود ریمانڈ دیتے ہیں اور جوڈیشل کام سرانجام دیتے ہیں، پولیس والا جو دھمکی سے ڈرا، اس نے بھی مقدمہ نہیں دیا وکیل نے بتایا کہ اس سے قبل عدالتوں کے ججوں کی گفتگو لیک ہوئی، ہزاروں آڈیو لیکس ہوئی کتنے مقدمے ہوئے؟ ایک حاضر سروس جج کی آڈیو لیک ہوئی کیا مقدمہ درج ہوا

بقیہ 34

کے اعداد و شمار کے مطابق جولائی تا مارچ 5966000 ٹن خام تیل کی درآمدات ریکارڈ کی گئیں جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 11 فیصد کم ہیں۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں خام تیل کی درآمدات کا حجم 7353000 ٹن رہا تھا۔ مارچ میں خام تیل کی درآمدات کا حجم 596000 ٹن ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ سال مارچ کے مقابلے میں 16 فیصد کم ہے۔ گزشتہ سال مارچ میں خام تیل کی درآمدات کا حجم 713000 ٹن رہا تھا۔ فروری کے مقابلے میں مارچ میں خام تیل کی درآمدات میں ماہانہ بنیاد پر 16 فیصد کی ریکارڈ کی گئی۔ فروری میں 711000 ٹن خام تیل کی درآمد ریکارڈ کی گئی جو مارچ میں کم ہو کر 596000 ٹن رہی۔

بقیہ 35

کے ذرائع نے مزید بتایا کہ سیاست میں آج کے حریف کل کے حلیف ہوتے ہیں، انتخابات سے ہمیشہ کیلئے فرار حاصل نہیں کیا جاسکتا، مذاکرات کے معاملے پر مسلم لیگ (ن) کے رویے میں نمایاں لچک آئی ہے، ہمیں مولانا فضل الرحمان سے قومی مذاکرات کی مخالفت کی توقع تھی۔

بقیہ 36

آئین اور قانون پر عمل کرنا ہوگا، مفت آٹا فراہمی ملکی تاریخ کا سب سے بڑا اسکینڈل ثابت ہوگا۔ سابق وزیر اعلی پنجاب چودھری پرویز الہی نے کہا کہ نگران دور میں گندم، آٹا، چینی اور کھاد کی سمگلنگ بڑھ گئی ہے، غیر منتخب نمائندے عوامی فلاحی منصوبوں کے التوا کا باعث بن رہے ہیں، شہباز شریف توہین عدالت کے مرتکب ہو چکے، اب فیصلے کا انتظار ہے، عمران خان کے 4 سالہ دور میں ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہوا۔ پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی صدر چودھری پرویز الہی نے مزید کہا ہے کہ عمران خان نے اندرون و بیرون ملک سبز جھنڈے کے تقدس میں اضافہ کیا، انہوں نے عالمی سطح پر کشمیر سمیت مسلمانوں پر ہونے والے مظالم کو دنیا کے سامنے اجاگر کیا، ترقی کا سفر جہاں سے رکا تھا انشاء اللہ وہیں سے دوبارہ شروع کریں گے۔

بقیہ 37

خیال کرتے ہوئے سعودی سفیر نے بتایا کہ روڈ ٹو مکہ پراجیکٹ کیلئے سعودی اہلکاروں کو مخصوص ایئرپورٹ ٹرمینل 25 اپریل کو حوالے کیا جائے گا۔ انہوں نے سینیٹر محمد طلحہ محمود کو سعودی عرب کا دیرینہ اور بھروسہ مند دوست قرار دیا۔ سعودی سفیر نے وزیر مذہبی امور کا عہدہ سنبھالنے پر سینیٹر محمد طلحہ محمود کو مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار کیا اور کہا کہ سینیٹر محمد طلحہ محمود کے عہدہ سنبھالنے سے تعلقات اور تعاون کا نیا دور شروع ہوگا۔ سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی نے وزیر مذہبی امور طلحہ محمود کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی اور کہا کہ سعودیہ حکومت فریضہ حج کی ادائیگی میں اپنے اسلامی ملک پاکستان کے ساتھ ہر ممکن تعاون کرے گی۔ نئے وزیر مذہبی امور سینیٹر محمد طلحہ محمود نے کہا کہ مفتی عبدالشکور مرحوم کے مشن کے تحت پاکستانیوں کو بہترین سہولیات دینا میری اولین ترجیح ہے

بقیہ 38

کہ روزہ دار اپنی عبادات خشوع و خضوع کے ساتھ ادا کر رہے ہیں۔ فیسکو کو رمضان المبارک کے آغاز میں شدید بارشوں اور طوفان باد و باراں کا سامنا کرنا پڑا لیکن فیسکو انتظامیہ کی بہترین حکمت عملی، سٹاف کے بروقت رسپانس اور شکایات کے جلد ازالے سے صارفین کو بجلی کی طویل بندش کا سامنا نہیں کرنا پڑا اور فالٹس کو بروقت درست کر کے فیڈرز کو چلایا گیا۔ اس ماہ مقدس میں صارفین کی خدمت کو ایک فریضہ سمجھ کر ادا کیا گیا۔ صارفین کو تمام تر سہولیات کی بروقت فراہمی اور کوالٹی سروسز مہیا کرنے پر بورڈ آف ڈائریکٹرز فیسکو نے افسران و ملازمین کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں ایک ماہ کی بنیادی تنخواہ کے برابر عید بونس کی منظوری بھی دی گئی۔ فیسکو بورڈ صارفین و ملازمین کی فلاح و بہبود کا عزم لئے ہوئے اس کارروائی کو آگے بڑھا رہا ہے اور ریجن کے آٹھ اضلاع میں موجود 48 لاکھ سے زائد صارفین کی خدمت کا یہ سلسلہ انشاء اللہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔

بقیہ 39

والے مہینوں میں برآمدات میں مزید کمی کا امکان ہے۔ رواں مالی سال میں بڑی صنعتوں کی پیداوار مسلسل 6 مہینے سے تنزلی کا شکار ہے، جس سے معاشی نمو میں مزید کمی کا عندیہ ملتا ہے، اس بات کا اندازہ لگایا گیا ہے کہ چوتھی سہ ماہی زیادہ متاثر ہو سکتی ہے کیونکہ صنعتوں کے لیے توانائی کی سبسڈی ختم ہونے کے ساتھ صنعتی خام مال کی لاگت بلند ترین سطح پر ہے۔ عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے حال ہی میں مالی سال 2023 کے لیے پاکستان کی معاشی شرح نمو نظر ثانی جائزے کے بعد کم کر کے 0.5 فیصد کردی ہے، اسی طرح عالمی بینک اور ایشیائی ترقیاتی بینک نے بھی بالترتیب 0.4 فیصد اور 0.60 فیصد کی پیش گوئی کی ہے۔

بقیہ 40

کے زخموں پر مزید نمک چھڑک رہی ہے۔

بقیہ 41

ٹریفک معطل ہوگئی۔ خیال رہے کہ محکمہ موسمیات کے مطابق مالاکنڈ ڈویژن میں مزید بھی بارش کا امکان جس سے دریائے سوات کے بہاؤ میں مزید اضافے کا خدشہ ہے۔ یہ بھی ذہن میں رہے کہ بحرین سے کالام روڈ کو گزشتہ سال ستمبر میں ٹریفک کیلئے واپس کھولا گیا تھا۔ بحرین کالام روڈ کا حالیہ سیلاب کی وجہ سے زمینی رابطہ منقطع ہوگیا تھا۔

بقیہ 42

پرنوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 43

سے سامان چوری کرنے والے سنی شاہ اور حنیف کو گرفتار کر کے مال مسروقہ برآمد کیا۔ اسی طرح بدنام زمانہ کار لفٹر بلال کو بھی گرفتار کیا گیا، ملزم بلال کے گروہ کے رکن نے ایبٹ آباد سے خاکی کیلئے آلٹو مہران کو بک کیا اور ڈرائیور کو گاڑی سے اتار کر ہاتھ پاؤں باندھ کر ڈرائیور سے 15 ہزار روپے اور دیگر چیزیں نکال لیں۔ پولیس نے ملزمان کو گرفتار کر کے مال مسروقہ برآمد کیا۔ اسی طرح تھانہ صدر نے پولیس کار لفٹر گرہ کا سرغنہ آصف ولد مرجان کو گرفتار کیا جس نے اپنے ساتھی ملزم سیف اللہ کے ساتھ مل کر ٹیکسی ڈرائیور قاسم علی شاہ کی گاڑی عطر شیشہ کیلئے بک کرائی وہاں جا کر گن پوائنٹ پر 6500 روپے اور موبائل چھین لیا تھا۔ اس گرہ کے گرفتار رکن نے انکشاف کیا کہ انہوں نے خرم رفیق نامی ڈرائیور کی ٹیکسی کو گنڈہ کیلئے بک کر کے گن پوائنٹ پر 8 ہزار روپے اور موبائل چھینا تھا۔ اسی طرح تھانہ صدر کی حدود سے چوری کی گی بھینس برآمد کر کے دو ملزمان گرفتار کرنے کے ساتھ ساتھ غیر قانونی لکڑی 237 فٹ برآمد کر کے محکمہ جنگلات کے حوالہ کرتے ہوئے ملزمان گرفتار کر لئے اور اقدام قتل کا ملزم عبدالرزاق 24 گھنٹے کے اندر گرفتار کیا۔ تھانہ سٹی نے لاری اڈہ سے موٹر سائیکل چور خانزیب کو گرفتار کر کے موٹر سائیکل برآمد کرنے کے ساتھ ساتھ ناجائز اسلحہ دو کلاشنکوف، 6 عدد بندوق 12 بور 30 پستول برآمد کرنے کے علاوہ پنجاب چوک سے 7 لاکھ کی خطیر رقم گاڑی سے چوری کر کے فرار ہونے والے ملزم تاج نبی ولد ہیبت خان کو گرفتار کر کے سرقہ کی رقم بھی برآمد کی

بقیہ 44

اور ابوبکر قبل ازیں گرفتار ہو کر چالان ہو چکے ہیں، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان ومال کی حفاظت اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 45

تنویر اختر لودھی ، امیر پی پی 9 راجہ اشتیاق رضوی، امیدوار برائے چیئرمین یوسی کرب الیاس راجہ عتیق الرحمٰن منہاس، راجہ نعمان کیانی صدر مرکزی پریس کلب دولتالہ راجہ صدیق کیانی ممبر مرکزی پریس کلب دولتالہ حبیب رزاق، راجہ عدنان کرامت، ثاقب قریشی، راجہ باسط، عدنان کرامت نمبردار ادریس، حافظ مدثر، ملک مہتاب، ملک عامر، ملک ادریس، ارشد قریشی، راجہ وقاص ، اختر گل خان، راجہ ہارون افضل، راجہ نصیر، جنید منہاس رضوی، راجہ غفار، راجہ ارسلان، راجہ عماد سجاد، راجہ اظہر اور دیگر دوست احباب نے راجہ سجاد کرامت کا پرتپاک استقبال کرتے ہوئے پھولوں کی پتیاں نچھاور کی اور گلدستے پیش کیے گئے ۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے راجہ سجاد کرامت نے کہا کہ اس بابرکت ماہ میں عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر اپنے کریم رب کا جتنا شکر ادا کروں وہ کم ہے۔ اللہ پاک میرے تمام عزیز و اقارب اور دوستوں کو عمرہ کی سعادت نصیب فرمائے

بقیہ 46

فیصل سلیم نے پیرودھائی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ قمار بازوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے گی۔

بقیہ 47

اسکالرشپ کے اہل ہیں۔ درخواستیں 24-C-II، گلبرگ-III، لاہور میں محکمہ انسانی حقوق اور اقلیتی امور میں جمع کرائی جائیں۔ اسکالرشپ پروگرام کے لیے اہلیت کے معیار میں ہندو، سکھ، عیسائی، بدھ مت اور دیگر اقلیتی برادریوں کے باقاعدہ طلباء شامل ہیں، جنہوں نے اپنے حالیہ سالانہ امتحان میں کم از کم 40 فیصد نمبر حاصل کیے ہیں۔ MBBS، DVM، BDS، Bsc (انگریزی)، BSc (نرسنگ)، D-Pharm، PhD، یا اس کے مساوی جیسے پیشہ ورانہ سطح کے پروگراموں میں داخلہ لینے والے اقلیتی طلباء 50,000 روپے کی سالانہ اسکالرشپ کے اہل ہیں۔ ایم اے، ایم ایس سی، ایم کام، ایم سی ایس/ایم بی اے، ایم فل، ایل ایل ایم، یا اس کے مساوی پروگرام کرنے والے پوسٹ گریجویٹ طلباء کو 35,000 روپے سالانہ ملیں گے، جب کہ بی اے، بی ایس سی، بی بی اے، بی کام یا اس کے مساوی پروگرام کرنے والے انڈر گریجویٹ طلباء کو 30,000 روپے سالانہ ملیں گے۔ مزید برآں، ایف اے، ایف ایس سی، آئی کام، اے لیول، ڈی اے ای، یا اس کے مساوی پروگرام جیسے انٹرمیڈیٹ لیول کے پروگرامز کرنے والے طلباء کو 20,000 روپے سالانہ ملیں گے، جبکہ میٹرک سطح کے طلباء کو 15,000 روپے سالانہ ملیں گے۔

بقیہ 48

افسروں کو سرکلرز جاری کیں جس میں لکھا گیا ہے کہ آج اگر صوبے میں پرامن فضاء قائم ہے اور فورس کی عزت وقار میں اضافہ ہوا ہے تو یہ سب پولیس فورس کی بیش بہا قربانیوں کا ثمر ہے۔ سرکلرز میں مزید لکھا ہے کہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں بھی فورس کے بہادر جوانوں نے فرائض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کر کے اپنے پیشے سے لگن اور کمٹمنٹ کا عملی ثبوت پیش کی اور ہمیں پولیس کی جوانوں کی شہادت پر فخر ہے انہوں نے امید ظاہر کی ہے کہ محکمہ کے جوانوں کی یہ قربانی ہر دور میں مشعل راہ رہے گی۔ انہوں نے اعلیٰ حکام کو یہ بھی ہدایت جاری کی کہ وہ زیر علاج زخمی پولیس جوانوں کی عیادت بھی تحائف کے ساتھ کریں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں اور دہشت گردی کے مکمل صفایا کرنے اور دیرپا امن کے قیام کا عہد اور ملک وقوم کی خدمت کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہ کرنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

بقیہ 49

نے مزید کہا کہ پاکستان اس وقت بڑے معاشی چیلنج سے گزر رہا ہے، پاکستان سے محبت رکھنے والے سعودی عرب کے علاوہ متحدہ عرب امارات نے بھی ایک ارب ڈالرز دیئے ہیں، وزیراعظم میاں شہباز شریف دن رات کوشش کر رہے ہیں کہ معاشی صورت حال بہتر ہو جائے، لیکن عمران نیازی کا بچھایا ہوا معاشی جال اس قدر الجھا ہوا ہے کہ سنبھلنے کا نام ہی نہیں لے رہا، کار حادثے میں جاں بحق ہونے والے مرحوم وفاقی وزیر مفتی عبدالشکور کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایک عظیم مفکر، مفتی اور عظیم شخصیت سے محروم ہوگیا ہے، اللہ تعالی مرحوم کے درجات بلند فرمائے

بقیہ 50

سلنڈر لیکج کے نتیجے میں آگ بھڑک اٹھی جس کے نتیجے میں 50 سالہ شمع نامی خاتون جھلس کر شدید زخمی ہوگئی۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو ٹیم نے جائے وقوعہ پہنچ کر طبی امداد کے بعد زخمی خاتون کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔

بقیہ 51

کہا کہ 25 گاڑی ہیں، 8 میت گاڑیاں کراچی میں دیں گے، جبکہ پانچ حیدرآباد سمیت دیگر اضلاع کو دی جائیں گی، بقیہ تمام میت گاڑیاں ضلعی ہیڈ کوارٹر پر موجود ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ جلد ہی 1122 کی 330 ایمبولنسز ہوجائیں گی، 1122 کی میت گاڑی سروس اور ایمبولنس سروس مفت فراہم کریں گے، میت گاڑی کا سسٹم 1122 کی ایمبولینس کی طرح کام کرے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ میت وین کی فراہمی کے لیے مناسب ایس او پیز قائم کیے گئے ہیں۔ یہ سروس پہلے آئیں پہلے پائیں کی بنیاد پر ان لوگوں کو بغیر کسی معاوضے کے دی جائے گی جو استطاعت نہیں رکھتے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی اسپتال سے میت کو اس سروس کے ذریعے منتقل کیا جاسکے گا۔ یہ سروس ابتدائی طور پر صرف ضلع کے اندر نقل و حمل کے لیے ہوگی۔ یہ سروس 1122 ڈائل کر کے پورے سندھ میں حاصل کی جاسکے گی۔ سندھ انٹیگریٹڈ ایمرجنسی اینڈ ہیلتھ سروسز (SIEHS) اور محکمہ صحت سندھ کی رہنمائی میں عملہ خدمات فراہم کرے گا۔ ایک سوال کے جواب میں وزیر صحت نے مزید کہا کہ جن ڈاکٹروں کا ڈومیسائل جن اضلاع کا تھا ان کو وہاں ٹرانسفر کرنے کی کوشش کی، تاکہ اندرون سندھ کے ان اضلاع میں ڈاکٹروں کی کمی کو پورا کیا جاسکے، کچھ ڈاکٹروں نے ہمیں بلیک میل کیا، اگر اسپتال بند نہ ہوں اس لیئے ہم نے ان کی اندرون سندھ تعیناتی کا نوٹیفکیشن واپس لیا۔

بقیہ 52

بردار گاڑیاں ملبے تلے دب گئیں۔ اس دوران مال بردار گاڑیوں میں اچانک آگ بھی بھڑک اٹھی اور اس وقت ایک درجن سے زائد گاڑیاں آگ کی لپیٹ میں آ گئیں۔ ایس ایچ او عشرت علی کے مطابق پہاڑی تودہ گرتے وقت گاڑیوں میں ڈرائیورز بھی موجود تھے جس کے باعث ہلاکتوں کا خدشہ ہے۔ دوسری جانب ریسکیو حکام کے مطابق فائر فائٹرز کی گاڑیاں عملہ سمیت جائے وقوعہ پر پہنچیں۔ ڈپٹی کمشنر عبدالناصر خان کے مطابق ملبہ ہٹانے اور آگ بجھانے کیلئے بھاری مشینری اور ریسکیو عملہ نے کارروائی میں حصہ لیا۔ انہوں نے بتایا کہ 10 سے زائد مال بردار گاڑیاں پہاڑی تودے تلے دب گئیں، ملبہ ہٹانے تک اصل نقصانات کا اندازہ قبل از وقت ہوگا، ملبے تلے دب جانے والی گاڑیوں میں عملہ بھی موجود ہے۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق لنڈی کوتل ہسپتال میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی ہے۔

بقیہ 53

ترین سیلاب کے باعث فصلیں تباہ ہوگئیں۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب کے باعث 4.4 ملین ایکڑ رقبے پر کھڑی فصلیں ڈوب گئیں اور سیلابی پانی کھڑا رہنے کے باعث اگلے سیزن کے لیے بروقت فصلیں کاشت نہ ہونے سے خوراک میں خود کفیل ملک میں غذائی قلت پیدا ہوگئی۔ اتنے بڑے پیمانے پر ماحولیاتی تبدیلیوں کے اثرات کے باوجود عالمی سطح پر امداد کے لئے پاکستان کی اہلیت کو تسلیم نہیں کیا گیا، حیرت انگیز طور پر ہمیں پی آر جی ٹی یا فوڈ شاک ونڈو کسی کے بھی معیار کا اہل قرار نہیں دیا گیا، آئی ایم ایف کے ساتھ ہمارے مذاکرات کئی ماہ کی طوالت کا شکار ہیں۔ پاکستانی مندوب نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کی اس بات سے بھی اتفاق کیا کہ عالمی مالیاتی نظام اخلاقی طور پر دیوالیہ ہے۔ لوگ غیر یقینی اور غیر متوقع شاکس سے دوچار ہیں جس کے باوجود وہ مدد تک رسائی حاصل نہیں کر پا رہے۔ انہوں نے اس حقیقت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں عالمی مالیاتی نظام میں موجود خامیوں کو دور کرنے کی کوشش کرنی چاہیے

بقیہ 54

کو گرفتار کر کے ملزم سے 620 گرام چرس برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے گا

بقیہ 55

اکیڈمک کونسل کا ایجنڈا آئٹم پیش کیا۔ میٹنگ میں موجود تمام ممبران نے فیکلٹی آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز کے حوالے سے این او سی کے حصول پر تفصیلی بات چیت کی۔ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شکیب اللہ کا کہنا تھا کہ گومل یونیورسٹی میں مختلف شعبہ جات میں اس دفعہ تقریبا 5000 کے قریب ریکارڈ داخلے کرنے پر ڈائریکٹر ایڈمیشن ریاض احمد بیٹنی اور انکی پوری ٹیم داد کی مستحق ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ مزید نئے شعبہ جات شروع کیے جائیں اور اس کیلئے ڈائریکٹر ایڈمیشن ریاض احمد بیٹنی اور ڈائریکٹر اکیڈمکس وسیم خان کٹی خیل کو اپنا مثبت کردار ادا کریں کیونکہ گومل یونیورسٹی کو مالی مشکلات سے نکالنے کا حل بھی یہی ہے۔ وائس چانسلر نے مزید کہا کہ قدیم جامعہ گومل کا شمار اسے خطے میں ہی نہیں بلکہ پاکستان کی پرانی یونیورسٹیوں میں ہوتا ہے جہاں سے اب تک سینکڑوں طلباء مختلف شعبہ جات میں ڈگریاں حاصل کر کے نہ صرف پاکستان بلکہ بیرون ملک بھی اپنی کامیابی کے جوہر دکھا رہے ہیں اور ادارے کا نام روشن کر رہے ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر شکیب اللہ نے مزید کہا کہ ٹانک اور جنوبی وزیرستان کے طلباء کیلئے ٹانک کیمپس میں بہتر اور معیاری تعلیم فراہم کی جارہی ہے۔ کیونکہ ٹانک کیمپس ضلع ٹانک اور ضلع جنوبی وزیرستان کے لوگوں کیلئے فروغ تعلیم کے حوالے سے کسی نعمت سے کم نہیں۔ میٹنگ میں اکیڈمک کونسل ممبران نے کہا کہ ایکٹ اور سٹیچوٹس کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے فیکلٹی آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز کے تمام تر پیچیدگیوں کو قانونی تقاضوں کو پورا کر کے بورڈ آف سٹڈیز اور بورڈ آف فیکلٹی سے سفارشات کو اکیڈمک کونسل میں بھیجا جائے تاکہ اکیڈمک کونسل سنڈیکیٹ سے منظوری کی سفارش کرے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ٹانک کیمپس احسان اللہ دانش نے اکیڈمک کونسل ممبران سے گومل یونیورسٹی سب کیمپس ٹانک میں مزید پروگرام کے اجراء اور مختلف ڈپلومہ شروع کرنے کی سفارش کی جس پر ممبران نے ڈائریکٹر ٹانک کیمپس کو نئے شعبہ جات اور ڈپلومہ شروع کرنے کے حوالے سے تمام تر قانونی تقاضوں کو دیکھ کر طلباء کیلئے متعلقہ شعبہ میں سہولیات کی فراہمی سٹاف کی کمی اور دیگر اہم مسائل کو فوری طور پر پورا کرنے کو کہا تاکہ ان شعبہ جات کو جلد شروع کیا جاسکے۔

بقیہ 56

تحت مقدمہ درج کر کے خاتون سعدیہ اور اسکے دو ساتھی ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق اے بی سی روڈ کے رہائشی طارق جاوید نے پولیس رپورٹ میں بتایا کہ اس کے بھائی عابد حسین کی شادی سعدیہ سے ہوئی، بعدازاں معلوم ہوا کہ سعدیہ کا کردار ٹھیک نہیں ہے جس پر شوہر عابد حسین نے بیوی کو بری حرکات سے منع کیا تو اس نے اس بات کا برا مناتے ہوئے اپنے دو نامعلوم ساتھیوں کے ہمراہ اے بی سی روڈ پلی کے قریب خاوند کو گھیر لیا، بری طرح تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے سعدیہ نے گولی مار کر عابد کو بری طرح زخمی کر کے فرار ہو گئی، مضروب کو ہسپتال داخل کروا دیا، پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 57

، چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر بشیر احمد اور فیسکو افسران نے ان کی وفات پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالی ان کے پسماندگان اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ ان کی نماز جنازہ میں فیسکو افسران اور ملازمین کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور ان کے بلند درجات کیلئے دعاء کی۔

بقیہ 58

گنڈاپور کی تھانہ گولڑہ میں درج مقدمے میں ضمانت منظور کر لی۔ اسلام آباد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ کے ایڈیشنل سیشن جج سکندر خان نے پی ٹی آئی رہنما علی امین گنڈاپور کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سنا دیا۔ علی امین گنڈاپور کی تھانہ گولڑہ میں درج مقدمے میں ضمانت منظور کر لی گئی۔ اسلام آباد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے عدالت کی 3، 3 لاکھ روپے کے ضمانتی مچلکے جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔ تفتیشی افسر نے جواب بھی جج سکندر خان کی عدالت میں جمع کرا دیا۔

بقیہ 59

نظریہ ضرورت نے پاکستان کو برباد کیا ہے، نظریہ ضرورت رد کرنا پڑے گا، ایک طرف نظریہ ضرورت کھڑا ہے، ایک طرف عمر عطا بندیال کھڑا ہے۔ معروف قانون دان نے مزید کہا کہ 90 روز سے آگے جانے کی دلیل مان لی جائے تو کوئی الیکشن نہ ہونے دے، دلیل دے رہے ہیں کہ ایک روز میں الیکشن ہونا چاہیے تو قومی اسمبلی تحلیل کر دیں، سپریم کورٹ کا فیصلہ موجود ہے کہ انتخابات 14 مئی کو ہوں گے جو فیصلہ نہیں مانے گا ڈس کوالیفائی ہوگا۔

بقیہ 60

کامرس نے کہا ہے کہ اطالوی سرمایہ کاروں کی طرف سے پاکستان میں سی پیک منصوبوں میں سرمایہ کاری کی خواہش کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اٹلی میں پاکستان کے سفارتخانہ کے سرمایہ کاری کونسلر نے کہا ہے کہ اطالوی نجی شعبہ پاکستان میں سرمایہ کاری کرنے کے خواہاں ہیں جس کی بنیادی وجہ چین پاکستان راہداری منصوبہ ہے سی پیک اور اس سے متعلقہ منصوبوں میں چین نے پاکستان کو صنعتی وتجارتی طور پر ایک پرکشش مقام بنا دیا ہے جہاں دنیا بھر کے سرمایہ کار سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔ خادم حسین نے کہا کہ اٹلی کی ماربل انڈسٹریز میں تجربہ اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے ملکی ماربل انڈسٹری ترقی کرے اور اٹلی کے ماربل انڈسٹریز میں تجربہ سے استفادہ کر کے ملکی ماربل مصنوعات کی بیرون ملک برآمدات میں اضافہ سے ملک کو کثیر زرمبادلہ حاصل ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فیروز پور بورڈ کے تاجروں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ فاؤنڈر گروپ کے رہنما میاں محمد اشرف نے کہا کہ ملک میں غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ سے ملکی برآمدات میں اضافہ ہوگا جس سے ملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ سے ملکی معیشت مستحکم ہوگی اور حکومت کو غیر ملکی قرضوں سے نجات ملے گی۔ خادم حسین نے مزید کہا کہ اٹلی کے ساتھ توانائی، سٹیل، کیمیکلز، مائننگ اور دیگر بہت سے شعبوں میں کام سے ملک میں خوشحالی و ترقی آئے گی کیونکہ اٹلی سو فیصد توانائی متبادل ذرائع سے پیدا کر رہا ہے انہوں نے کہا کہ اٹلی سے تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ سے ملکی برآمدات اور زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہوگا اور ملک خوشحالی و ترقی کی راہوں پر گامزن ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ماربل انڈسٹری میں اٹلی کے تجربہ سے ملکی ماربل انڈسٹریز ترقی کرے گی اور ماربل کی بیرون ملک برآمدات سے کثیر زرمبادلہ کمایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 61

روشنی میں اور اسسٹنٹ کمشنر تیمرگرہ شہزاد خان، ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر تیمرگرہ طارق خان اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ عامر نظام درانی کی زیر نگرانی تیمرگرہ خوڑ نزد بائی پاس روڈ میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا تاکہ تیمرگرہ خوڑ کے برساتی پانی کو دریائے پنجکوڑہ تک پہنچانے سمیت تیمرگرہ بائی پاس، رہائشی عمارتوں مارکیٹوں کو سیلابی ریلی کے نقصانات سے بچایا جا سکے۔ انسداد تجاوزات مہم کے دوران کئی دکانات ہوٹل کا ایک فورشن بھاری مشنری کے ذریعے مسمار کیا گیا۔ اس موقع پر دیر لیویز اور پولیس کے بھاری نفری بھی موجود تھے

بقیہ 62

مطابق بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے جڑواں شہروں کی متعدد وارداتوں میں انتہائی مطلوب خطرناک ڈکیت حلیم خان عرف عالم کو گرفتار کر لیا، تفتیش کے دوران ملزم سے مسروقہ رقم 37000 روپے اور اسلحہ برآمد ہوا، خطرناک ڈکیت رواں سال کے آغاز میں پولیس حراست سے فرار ہوا تھا جس کا مقدمہ تھانہ مارگلہ اسلام آباد میں درج ہے، ملزم عالما گینگ کا سرغنہ ہے جس کے 02 ارکان قبل ازیں گرفتار ہو کر چالان ہو چکے ہیں، خطرناک و مطلوب ڈکیت کی گرفتاری پر سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ایس پی راول فیصل سلیم، ایس ڈی پی او اور بنی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ متحرک و منظم گینگز کے خلاف گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے، رمضان المبارک کے دوران متعدد متحرک گینگز گرفتار کر کے لاکھوں روپے کا مسروقہ سامان، موٹر سائیکلز، رکشے، گاڑیاں اور دیگر اشیاء برآمد کی گئی ہیں۔

بقیہ 63

مارچ بسوں اور ٹرکوں کے 3 ہزار 382 یونٹس کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 32 فیصد کم ہے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملک میں 4951 یونٹس بسوں اور ٹرکوں کی فروخت ریکارڈ کی گئی تھی۔ مارچ میں ملک میں 308 یونٹس کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ سال مارچ کے 565 یونٹس کے مقابلے میں 45 فیصد کم ہے۔ فروری کے مقابلے میں مارچ میں بسوں اور ٹرکوں کی فروخت میں ماہانہ بنیادوں پر 3 5 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہیا عداد وشمار کے مطابق جاری مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں ہینو پاک کے 762 یونٹس بسوں اور ٹرکوں کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 6 فیصد کم ہے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ہینو پاک کے 811 یونٹس بسوں اور ٹرکوں کی فروخت ریکارڈ کی گئی تھی۔ اس مدت میں ماسٹر کے 1012 یونٹس بسوں اور ٹرکوں کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 37 فیصد کم ہے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ماسٹر کے 1619 یونٹس بسوں اور ٹرکوں کی فروخت ریکارڈ کی گئی تھی۔ مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں جے اے سی کے 146 یونٹس بسوں اور ٹرکوں کی فروخت دیکھنے میں آئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 32 فیصد کم ہے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں جے اے سی کے 216 یونٹس بسوں اور ٹرکوں کی فروخت ریکارڈ کی گئی تھی۔ اسی طرح جاری مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں اسوزو کے 1462 یونٹس بسوں اور ٹرکوں کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 37 فیصد کم ہے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں اسوزو کے 2305 یونٹس بسوں اور ٹرکوں کی فروخت ریکارڈ کی گئی تھی

بقیہ 64

تھیلے رکشہ پر لاد کر فیروز وٹواں کے سٹور مالک کو فروخت کیے گئے محکمہ مال کی ٹیم نے رکشہ کا تعاقب کرتے ہوئے تھیلے برآمد کر لئے بعدازاں سٹور کو سیل کر دیا گیا محکمہ مال نے استغاثہ کے لئے درخواست پولیس کو دے دی جس میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ جب سے وزیراعظم شہباز شریف نے مفت آٹا سکیم شروع کی تب سے مذکورہ گروہ جعلی مہروں سے کوپن بنا کر آٹا لے جا رہا تھا جو ہوٹلوں اور کریانہ سٹورز پر 500 روپے میں فروخت کیا جا رہا ہے اب تک مفت آٹے کی تقسیم کے دوران جعلی پرچیاں تیار کرنے والے متعدد سرکاری اہلکار بھی پکڑے گئے ہیں۔

بقیہ 65

خیالات پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنماء رانا زوئل جنرل سیکرٹری کاشف اسماعیل میڈیا سے گفتگو میں کر رہے تھے انہوں نے مزید کہا کہ مہنگائی کے بم برسانا وطیرہ بنا لیا آج پھر آئی ایم ایف کے دباؤ پر پیٹرول کی قیمت میں 10 روپے فی لیٹر اضافہ کیا جا رہا ہے، جس کے بعد فی لیٹر قیمت 272 روپے سے بڑھ کر 282 ہوگئی، عید کے قریب ٹرانسپورٹ محنت کشوں کے گھروں کو واپس جانے پر کرائیوں میں اضافہ کر دیتے ہیں اور مختلف حیلوں بہانوں سے مسافروں کو لوٹ تے ہیں، وزیر خزانہ کو اس بات کا ادراک ہونا چاہئے تھا کہ افرادی قوت معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے نااہل حکومت کو محنت کشوں سے ہمدردی ہوتی تو پٹرولیم مصنوعات میں ردوبدل عید کے بعد بھی کی جاسکتی تھی

بقیہ 66

12 افراد کو زندہ نکال لیا جنگی حالت خطرے سے باہر ہے۔ پاک آرمی کی ریسکیو ٹیمیں ملبے تلے دبے آخری فرد کے انخلا تک آپریشن جاری رکھنے کیلئے پرعزم ہیں

بقیہ 67

سامنے سے ٹکرا گئیں، حادثے میں 2 افراد جان کی بازی ہار گئے۔ اطلاع ملنے پر امدادی ٹیمیں جائے وقوع پر پہنچی اور زخمیوں کو ابتدائی طور پر تعلقہ ہسپتال روہڑی منتقل کیا۔ دوسری جانب کوہاٹ میں کار درخت سے جا ٹکرائی، حادثے میں 2 افراد جاں بحق اور 3 زخمی ہوگئے، حادثے میں جاں بحق افراد کی لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا

Fatima Jinnah women University
The Mall, rawalpindi

TENDER NOTICE-PROCUREMENT OF LEARNING & CAMPUS MANAGEMENT SYSTEM

Fatima Jinnah Women University (FJWU), Rawalpindi invites sealed bids from well-established, related parties who have experience in implementation of LEARNING & CAMPUS MANAGEMENT SYSTEM for the universities.

Terms & Conditions

1-All interested bidders should be registered with Income Tax and Sales Tax Department and must be an active tax filer.
2-The prices should be quoted in Pak Rupees. The GST to be indicated separately where applicable.
3-The prices quoted should be valid for 90 days and extendable for another 30 days.
4-The company / firm must provide an effective solution in a cost beneficial way, keeping in view the specific information / needs of FJWU.
5-The company / firm will provide a thorough and clearly-defined plan for a smooth implementation including a significant focus on the communication along with the training requirements.
6-The university may reject all bids or proposal at any time prior to the acceptance of a bid or proposal. The University shall upon request communicate to any bidder who submitted a bid or proposal, the ground for its rejection of proposals, but is not required to justify those grounds.
7-Two percent (2%) of the estimated price must be accompanied with the bid as Bid Security in the form of Demand Draft / Pay Order / Call Deposit Receipt in favor of Treasurer Fatima Jinnah Women University, Rawalpindi. Bid(s) without earnest money will not be considered. Bids with LESS earnest money will not be entertained. No Crossed-Cheque / Bank Challan / Cash or any other instrument other than the Demand Draft / Pay Order / Call Deposit will be accepted.
Estimated Price: Rs.13.000,000/- Bid Security: Rs. 260,000/-
8-Pre-bid meeting will be o2nd May 2023
9-Tender documents are available on Punjab PPRA as well as on University website. Detailed Terms & Conditions / Tender documents can be downloaded from Punjab PPRA as well as from University website after uploading / publication of the tender notice.
10-Please attach tender fee / bid document fee along- with the Technical Bid in the form of Bank Draft / Pay The bids withoutTreasurer Fatima Jinnah University, RawalpinOdirder/Call Deposit of Rs. 1,000/- in the favor of Tender Fee will not be accepted / entertained. No cash payment will be acceptable. Procurement Method
1)Single Stage-Two Envelope
Interested parties may drop their bids in the Tender Box placed in the office of the Undersigned between 0800 hours to1100 hours on 12th May 2023.
The bids will be opened on the same day at 1130 Hours.
Time and date are also applicable on bids received through courier services. No bid will be received after 1100 hours.

Chair Purchase Committee
Fatima Jinnah Women University,The Mall Rawalpindi
Telephone: 051-9292900 (Ext:1166)

IPL:2830

مفت آٹا پیکیج ملکی تاریخ کا سب سے بڑا اسکینڈل ثابت ہوگا پرویز الٰہی

چودھری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن، سٹیٹ بینک اور پارلیمنٹ سمیع اللہ سے کلیم اللہ کا کھیل کھیل رہے ہیں

سپریم کورٹ کے حکم پر الیکشن کمیشن کو مختص رقم دینا ہوگی، جمہوریت کے استحکام اور تحفظ کیلئے سب کو آئین اور قانون پر عمل کرنا ہوگا

لاہور(سٹاف رپورٹر) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ مفت آٹا فراہمی پیکیج ملکی تاریخ کا سب سے بڑا اسکینڈل ثابت ہوگا۔ مرکزی صدر تحریک انصاف چودھری پرویز الٰہی سے سابق وفاقی وزیر چودھری وجاہت حسین، بریگیڈیئر اعجاز شاہ، سابق وزرا چودھری ظہیر الدین، بارضوان، چودھری لیاقت علی بھدر، سابق مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب ڈاکٹر زین بھٹی، بیرسٹر ارحم طارق بٹ، بیرسٹر عزیز، بیرسٹر حمزہ، سلمان خان اور فرخ ایڈووکیٹ نے ملاقات کی، اس دوران سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چودھری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن، سٹیٹ بینک اور پارلیمنٹ سمیع اللہ سے کلیم اللہ کا کھیل کھیل رہے ہیں، سپریم کورٹ کے حکم پر الیکشن کمیشن کو مختص رقم دینا ہوگی، جمہوریت کے استحکام اور تحفظ کیلئے سب کو (بقیہ نمبر 36)



اسلام آباد: صدر مملکت عارف علوی کیخلاف سپریم کورٹ میں درخواست دائر

مولانا فضل الرحمان نیشنل گرینڈ ڈائیلاگ کے مخالف پیپلز پارٹی قیادت کو آگاہ کردیا گیا

مولانا فضل الرحمان کے سخت موقف پر شدید تحفظات ہیں، پی پی وفد نے قیادت کو معاملے سے آگاہ کردیا ہے، مولانا فضل الرحمان

سیاست میں آج کے حریف کل کے حلیف ہوتے ہیں، انتخابات سے ہمیشہ کیلئے فرار حاصل نہیں کیا جاسکتا، پیپلز پارٹی کے ذرائع

اسلام آباد(خصوصی خبر نگار) پی ڈی ایم سربراہ نے نیشنل گرینڈ ڈائیلاگ کی مخالفت کردی جبکہ پیپلز پارٹی نے مولانا فضل الرحمان کے موقف پر تحفظات کا اظہار کردیا۔ ذرائع کے مطابق مولانا فضل الرحمان کے نزدیک نیشنل گرینڈ ڈائیلاگ غیر ضروری ہیں، سربراہ پی ڈی ایم کے گرینڈ ڈائیلاگ کے حوالے سے موقف پر پیپلز پارٹی نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کے سخت موقف پر شدید تحفظات ہیں، پی پی وفد نے قیادت کو معاملے سے آگاہ کردیا ہے۔ پیپلز پارٹی قیادت کا موقف ہے کہ وہ نیشنل گرینڈ ڈائیلاگ سے کسی طور پیچھے نہیں ہٹے گی، ملک کو بحران سے نکالنے کا واحد راستہ نیشنل گرینڈ ڈائیلاگ ہیں، سیاسی صورتحال کے پیش نظر نیشنل گرینڈ ڈائیلاگ ناگزیر ہیں، سیاست میں مذاکرات کے دروازے بند نہیں کئے جا سکتے۔ پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 35)

گوجرخان: مذہبی پارٹی کے رہنما راجہ بابر کرامت کے بھائی راجہ سجاد کرامت عمرے کی ادائیگی کے بعد وطن واپس

راجہ بابر کرامت کے بھائی راجہ سجاد کرامت عمرے کی ادائیگی کے بعد وطن واپس

عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر اپنے کریم رب کا جتنا شکرادا کروں وہ کم ہے راجہ سجاد

گوجرخان(قمر شہزاد) ابھرتی ہوئی مذہبی جماعت کے رہنما ہر دلعزیز نوجوان امیدوار ایم پی اے پی پی نو راجہ بابر کرامت کے برادر اصغر معروف سماجی و کاروباری شخصیت راجہ سجاد کرامت عمرہ ادائیگی اور روضہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر حاضری کی سعادت حاصل کرنے کے بعد گزشتہ روز وطن واپس پہنچ گئے۔ عمرہ کیسفر سے واپسی پر اسلام آباد انٹرنیشنل ائیرپورٹ پر امیدوار برائے صوبائی اسمبلی راجہ بابر کرامت ،صاحبزادہ سید ہارون نذیر بخاری آف کھنیارہ شریف، سابق ناظم یوسی کھنگریلہ (بقیہ نمبر 45)

وفاقی وزیر مذہبی امور، دوزارت سنبھالنے کے بعد پہلے روز ہی متحرک

نئے وزیر مذہبی امور سینیٹر طلحہ محمود کی سعودی سفیر نواف سعید المالکی سے ملاقات

عزت مآب سعودی سفیر نواف سعید المالکی پاکستان کے قابل قدر دوست ہیں، سینیٹر طلحہ محمود

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر مذہبی امور سینیٹر طلحہ محمود وزارت سنبھالنے کے بعد پہلے روز ہی متحرک۔ نئے وزیر مذہبی امور سینیٹر طلحہ محمود کی سعودی سفیر نواف سعید المالکی سے ملاقات۔ حج انتظامات روڈ ٹو مکہ اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر مذہبی امور کا کہنا تھا کہ عزت مآب سعودی سفیر نواف سعید المالکی پاکستان کے قابل قدر دوست ہیں۔ دونوں ملکوں کی عوام کو قریب لانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ سرکاری عازمین حج کی سہولت کیلئے روڈ ٹو مکہ پراجیکٹ کی دیگر شہروں تک توسیع کیلئے تبادلہ (بقیہ نمبر 37)

فیسکو افسران و ملازمین کی کاوشیں قابل تحسین ہیں، ملک تحسین

افطار اور تراویح کے اوقات میں صارفین کو بجلی کی مسلسل ترسیل کی جارہی ہے

فیسکو کو رمضان المبارک کے آغاز میں شدید بارشوں اور طوفان بادوباراں کا سامنا کرنا پڑا

فیصل آباد(سٹاف رپورٹر) چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز ملک تحسین اعوان نے کہا ہے کہ ماہ مقدس میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے فیسکو افسران وملازمین کی کاوشیں قابل تحسین ہیں ۔کم سٹاف اور نامساعد حالات کے باوجود رمضان المبارک میں سحر، افطار اور تراویح کے اوقات میں صارفین کو بجلی کی مسلسل ترسیل کی جارہی ہے جبکہ ان کی بجلی سے متعلقہ انفرادی شکایات کا بھی فوری ازالہ کیا جا رہا ہے ۔انھوں نے مزید کہا کہ یہ فیسکو افسران و ملازمین کے ٹیم ورک کا نتیجہ ہے (بقیہ نمبر38)

لاہور: لاہور ہائیکورٹ نے عمران خان کو ہراساں کرنے سے روک دیا

فروری میں بڑی صنعتوں کی پیداوار میں 11.6 فیصد کمی

رواں مالی سال کے آغاز سے بڑی صنعتوں کی پیداوار میں مسلسل کمی واقع ہورہی ہے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان کی بڑی صنعتوں کی پیداوار(ایل ایس ایم) میں فروری میں پچھلے سال کے مقابلے میں 11.6 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی جس کی وجہ سے خاص طور پر برآمد پر مبنی ٹیکسٹائل صنعت میں بڑے پیمانے پر ملازمتیں کم ہوئی ہیں۔ میڈیا رپورٹ میں بتایا گیا کہ پاکستان ادارہ شماریات کی جانب سے جاری اعداد وشمار کے مطابق صنعتی پیداوار میں سست روی میں نمایاں حصہ ٹیکسٹائل سیکٹر کا رہا کیونکہ اس سیکٹر کی برآمدات میں دہرے ہندسے کی کمی ہوئی جبکہ آنے (بقیہ نمبر 39)

دریائے سوات کے بہاؤ میں اضافہ، کالام بحرین روڈ کا زمینی رابطہ منقطع

سوات (جنرل رپورٹر) دریائے سوات کے بہاؤ میں اضافے کے بعد کالام بحرین روڈ کا زمینی رابطہ منقطع ہوگیا۔ دریائے سوات کے بہاؤ میں اضافے کے باعث پانی بحرین بازار کی دکانوں میں داخل ہوگیا۔ دراں خوڑ بحرین کا پانی سڑکوں اور بازاروں میں نکل آیا جس کی وجہ سے کالام بحرین روڈ پر رابطہ پل زیرِ آب آنے سے ہر قسم کی (بقیہ نمبر 41)

تھانہ مورگاہ پولیس کی حیل وحجت، مفت میں کام نہ کرنے پر شہریوں کو، بے جا تنگ کرنے لگے

چندروز قبل ناصر، وقاص اور عباس نے مفت کام کا مطالبہ کیا جس کے انکار پر انتقام لینے لگے، شہری

دل کا مریض ہوں میرے گھر پر تیسری دفعہ پولیس نے دھاوا بولا، شہری کی روزنامہ عوامی للکار سے گفتگو

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) تھانہ مورگاہ پولیس کی حیل وحجت مفت میں کام نہ کرنے پر شہریوں کو چیک اینڈ بیلنس کے نام پر بے جا تنگ کرنے لگے۔ شہری کی آر پی اوراولپنڈی سی پی اوراولپنڈی سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ مورگاہ پولیس انتقام پر اتر آئی مورگاہ کے رہائشی سابق فوجی ریٹائر نے روز نامہ عوامی للکار کو بتایا فوجی ریٹائرڈ اور اوارڈ یافتہ ہوں دل کا مریض ہوں میرے گھر پر تیسری دفعہ تھانہ مورگاہ پولیس نے دھاوا بولا۔ میری ایک آٹو رکشہ کی شاپ ہے جس میں چار پانچ دن پہلے پولیس ملازم مفت میں کام کروانے کے لئے آئے اور زبردستی میرے بیٹے کو کہا کام کرو میرے بیٹے نے مفت کام کے انکار پر وقاص ۔ناصر اور عباس نامی پولیس ملازم بے جا تنگ کرنے لگے ہیں ۔نہ صرف راستے میں بلکہ گھر کے اندر گھس کر میرے موٹر سائیکل کے کاغذات چیک کرنے لگ پڑے اور مجھ پکڑ کر باہر لے آئے۔ انہوں نے آر پی اوراولپنڈی۔ سی پی اوراولپنڈی سے تھانہ مورگاہ پولیس کی غنڈا گردی (بقیہ نمبر 42)

ٹیکسلا پولیس کی کاروائی، چاقو کے وار سے بہنوئی کو زخمی کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی(کرائم رپورٹر) ٹیکسلا پولیس کی کاروائی، چاقو کے وار سے بہنوئی کو زخمی کرنے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے چاقو کے وار سے بہنوئی کو زخمی کرنے والے ملزم شیمن کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے خلاف متاثرہ شہری کے بھائی کی مدعیت میں مقدمہ درج کیا گیا، واقعہ میں ملوث 02 ملزمان سہیل (بقیہ نمبر 44)

انعام کا لالچ دے کر شہریوں کو لوٹنے والے 08 ملزمان گرفتار

16 ہزار 300 روپے اور انعامی پرچیاں برآمد، پیرودھائی پولیس

ملزمان سے 16 ہزار 300 روپے اور انعامی پرچیاں برآمد ہوئیں

راولپنڈی(کرائم رپورٹر) پیرودھائی پولیس کی کاروائی، انعام کا لالچ دے کر شہریوں کو لوٹنے والے 08 ملزمان گرفتار، 16 ہزار 300 روپے اور انعامی پرچیاں برآمد۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے انعام کا لالچ دے کر شہریوں کو لوٹنے والے 08 ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں وحید، بلال، قیصر، اخلاق، عبدالرشید ،کاشف ،طارق اور عاصم شامل ہیں، ملزمان سے 16 ہزار 300 روپے اور انعامی پرچیاں برآمد ہوئیں، ایس پی راول فیصل سلیم نے پیرودھائی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ قمار بازوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے انعام کا لالچ دے کر شہریوں کو لوٹنے والے 08 ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں وحید، بلال، قیصر، اخلاق، عبدالرشید، کاشف، طارق اور عاصم شامل ہیں، ملزمان سے 16 ہزار 300 روپے اور انعامی پرچیاں برآمد ہوئیں، ایس پی راول (بقیہ نمبر 46)

پنجاب میں 12 مئی تک غیر مسلم ریگولر طلباء سے میرٹ کی بنیاد پر اسکالرشپ کی درخواستیں طلب

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) پنجاب حکومت نے صوبے کے سرکاری اداروں میں زیر تعلیم مستحق غیر مسلم ریگولر طلباء سے کہا ہے کہ وہ 12 مئی 2023 تک میرٹ کی بنیاد پر سکالرشپ کی درخواستیں جمع کرائیں۔ اعلیٰ حکام نے بتایا کہ صرف غیر معمولی تعلیمی ریکارڈ رکھنے والے اقلیتی طلباء، جن کی ماہانہ خاندانی آمدنی 38,375 روپے سے زیادہ نہ ہو سکالرشپ پروگرام کے لیے اہل ہوں گے۔ میٹرک سے پی ایچ ڈی کی سطح تک دلچسپی رکھنے والے درخواست دہندگان جن کے پاس پنجاب ڈومیسائل ہے وہ (بقیہ نمبر 47)

پشاور، پولیس کی قربانیوں پر فخر، شہداء کے لواحقین کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، آئی جی پی

پشاور (نیوز رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس خیبر پختونخوا اختر حیات خان نے اعلیٰ پولیس حکام کو ہدایات جاری کیں ہیں کہ وہ رمضان کے آخری عشرے میں پولیس شہداء کے مکانوں میں رمضان المبارک تحائف کے ساتھ عیدالفطر کی تحائف خود حاضر ہوکر ان کی خوشیوں میں شریک ہوجائیں تاکہ وہ اپنے آپ کو تنہا محسوس نہ کریں۔ انہوں نے گزشتہ روز صوبے بھر کے ریجنل پولیس افسروں وضلعی پولیس (بقیہ نمبر48)

مانسہرہ پولیس کی پراگریس رپورٹ جاری، مختلف جرائم میں ملوث متعدد افراد کو گرفتار کیا گیا

مانسہرہ (جنرل رپورٹر) مانسہرہ کی سٹی، صدر اور خاکی پولیس نے پراگریس رپورٹ سرکل ہیڈ کوارٹر کو جاری کردی۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس نے ایک ہفتے کے دوران چوری، ڈکیتی، کارلفٹنگ اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں سمیت نمبر مافیا کے متعدد افراد کو گرفتار کیا۔ ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر محمد ارشد خان نے میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ تھانہ سٹی نے چشتی آباد کالج دوراہا کے ڈاکٹر سہیل کی گاڑی (بقیہ نمبر 43)

میرے نام پر پارکنگ پلازے ہیں نہ کوئی سٹوریج ہال تمام اثاثے ڈکلیئرڈ ہیں مونس الٰہی

مہنگائی کے مارے کروڑوں عوام کو مٹھی بھر مفت آٹا دے کر یہ حکومت ان کے زخموں پر مزید نمک چھڑک رہی ہے

تازہ گیلپ سروے کے مطابق 91 فیصد پاکستانیوں کا اپنے ماہانہ اخراجات اٹھانا بھی مشکل ہوگیا، سابق وفاقی وزیر

لاہور(جنرل رپورٹر) سابق وفاقی وزیر چودھری مونس الٰہی نے کہا ہے کہ میرے نام پر کوئی پارکنگ پلازے ہیں نہ ہی کوئی سٹوریج ہال، تمام اثاثے ڈکلیئرڈ ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں مونس الٰہی کا کہنا تھا کہ اگر اثاثوں میں کوئی اضافہ ہوا ہے تو وہ اگلے سال کے ٹیکس ریٹرنز میں سامنے آ جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ شوبازی دور میں مہنگائی کے اگلے پچھلے سب ریکارڈ ٹوٹ گئے، تازہ گیلپ سروے کے مطابق 91 فیصد پاکستانیوں کا اپنے ماہانہ اخراجات اٹھانا بھی مشکل ہوگیا۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ مہنگائی کے مارے کروڑوں عوام کو مٹھی بھر مفت آٹا دے کر یہ حکومت ان (بقیہ نمبر 40)

لاہور: ڈیم کیلئے جمع رقم محفوظ ہاتھوں میں ہے، تعمیر میں آنیوالی رکاوٹوں کا ذکر نہیں کرنا چاہتا، ثاقب نثار

نواز شریف کے ساتھ ناانصافی، اور سازش کے تحت مائنس کیا، شبیر عثمانی

اب نواز شریف کے بغیر ایک شخص کی ذاتی خواہش پر الیکشن کرانے کے لیئے دباؤ ڈالا جارہا ہے

جاتی امراء (نیوز ڈیسک) نواز شریف کے ساتھ ناانصافی، اور سازش کے تحت مائنس کیا، شبیر عثمانی، اب نواز شریف کے بغیر ایک شخص کی ذاتی خواہش پر الیکشن کرانے کے لیئے دباؤ ڈالا جارہا ہے، قوم جان لیں نواز شریف کو نہیں نکالا ملک کی ترقی خوشحالی کو ہی نکال دیا ہے، نااہل ٹولے نے ملک میں مہنگائی بے روزگاری کا سونامی برپا کردیا، ، زمان پارک کا ڈاکو لاکھوں لوگوں کا مجرم ہے، پاکستان کو اس کی انا پرستی سے بہت نقصان پہنچا ہے، پاکستان میں امن کیلیے عمران خان کے سہولت کاروں کو کٹہرے میں لانا پڑے گا، وزیر اعظم کے معاون خصوصی مذہبی امور شبیر احمد عثمانی میڈیا سے گفتگو میں کر رہے تھے، انہوں (بقیہ نمبر 49)

SUPREME COURT OF PAKISTAN

اسلام آباد: الیکشن کمیشن، وزارت خزانہ اور اسٹیٹ بینک نے پنجاب انتخابات کیس میں فنڈز کی فراہمی کے حوالے سے رپورٹس سپریم کورٹ میں جمع کرادیں

ماحولیاتی تبدیلیاں پاکستان کے زرعی شعبے کو تباہ کن انداز میں متاثر کررہی ہیں منیر اکرم

ماحولیاتی تبدیلیوں کے تباہ کن اثرات کے باعث ہم گزشتہ 3 سالوں کے دوران کثیر جہتی بحرانوں کا سامنا کررہے ہیں، خطاب

پاکستان ایک وقت میں غذائی لحاظ سے خودکفیل تھا، پاکستان کی افرادی قوت کا 38 فیصد زراعت کے شعبے سے وابستہ تھا

نیویارک (نیوز ڈیسک) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم نے کہا ہے کہ ماحولیاتی تبدیلیاں پاکستان کے زرعی شعبے کو تباہ کن انداز میں متاثر کر رہی ہیں جس سے خوراک میں خودکفیل ملک میں غذائی قلت پیدا ہورہی ہے۔ پاکستانی مندوب نے اقوام متحدہ کے ادارہ فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن (ایف اے او) کی جانب سے ترقی کے لیے غذائی بحرانوں سے بچنے اور خوراک کے نظام کی تبدیلی کو فروغ دینے کیلئے مالی معاونت کی فراہمی کے طریقوں پر منعقدہ ایک مباحثے کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلیوں کے تباہ کن اثرات کے باعث ہم گزشتہ 3 سالوں کے دوران کثیر جہتی بحرانوں کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے پاکستان کا کیس پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایک وقت میں غذائی لحاظ سے خودکفیل تھا، پاکستان کی افرادی قوت کا 38 فیصد زراعت کے شعبے سے وابستہ تھا اور 2021-22 کے دوران پاکستان کی جی ڈی پی میں زرعی شعبے کا حصہ 22.7 فیصد تھا، ماحولیاتی تبدیلیوں کے باعث ہماری پیداواری صلاحیت میں مسلسل کمی آ رہی ہے، پاکستانی مندوب نے اس بات کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو گزشتہ سال بدترین ماحولیاتی بحرانوں میں سے ایک کا سامنا کرنا پڑا موسم بہار میں گرمی کی لہر نے فصلوں کی پیداوار کو متاثر کیا، جس کے بعد موسم گرما میں بد (بقیہ نمبر 53)

کراچی سمیت سندھ میں مفت میت گاڑی سروس کا آغاز

8 میت گاڑیاں کراچی جبکہ پانچ حیدرآباد سمیت دیگر اضلاع کو دی جائیں گی

کراچی (اسپیشل رپورٹر) محکمہ صحت سندھ نے وعدے کے مطابق سندھ بھر میں مفت میت گاڑی سروس کا آغاز کردیا ہے، ڈی جے اسپورٹس کمپلکس میں محکمہ صحت سندھ کے زیراہتمام 1122 کی میت گاڑی سروس کا افتتاح کردیا، سندھ انٹیگریٹڈ ایمرجنسی اینڈ ہیلتھ سروسز (SIEHS) اس سروس کو آپریٹ کرے گی۔ اس حوالے سے وزیر صحت و بہبود آبادی سندھ ڈاکٹر عذرا فضل پیچوہو نے (بقیہ نمبر 51)

سیالکوٹ میں سلنڈر گیس لیکج کے باعث آگ لگنے سے خاتون زخمی

سیالکوٹ (نیوز رپورٹر) سیالکوٹ میں سلنڈر گیس لیکج کے باعث آگ لگنے سے ایک خاتون شدید زخمی ہو گئی۔ ترجمان ریسکیو 1122 کے مطابق سیالکوٹ کے نواحی گاؤں کرول میں گیس (بقیہ نمبر 50)

خیبر، طورخم ایکسپورٹ روڈ پر پہاڑی تودہ گرنے سے کئی مال بردار گاڑیاں ملبے تلے دب گئیں

خیبر (جنرل رپورٹر) خیبر میں طورخم سرحدی گزرگاہ کے قریب ایکسپورٹ روڈ پر پہاڑی تودہ گرنے سے متعدد کنٹینرز اور مال بردار گاڑیاں ملبے تلے دب گئیں، اس دوران کارگو گاڑیوں میں آگ بھی بھڑک اٹھی۔ پولیس کے مطابق طورخم ایکسپورٹ روڈ پر پہاڑی تودہ اچانک گرگیا جس کے باعث ایکسپورٹ روڈ پر موجود ایک درجن سے زائد مال (بقیہ نمبر 52)

لاہور: پہلی دفعہ ملکی ادارے آپس میں دست و گریبان ہیں: چودھری شجاعت حسین

پشاور، ضلعی انتظامیہ نے عیدالفطر کے موقع پر دفعہ 144 نافذ کردی

ضلعی انتظامیہ پشاور نے ہوائی فائرنگ، ون ویلنگ اور پٹاخوں پر پابندی عائد کردی

پشاور (اسپیشل رپورٹر) صوبائی دارالحکومت پشاور کی انتظامیہ نے عیدالفطر کے موقع پر پشاور شہر میں دفعہ 144 نافذ کردی ہے۔ میڈیا سیل ڈپٹی کمشنر آفس پشاور سے جاری ہونے والے بیان کے مطابق ضلعی انتظامیہ پشاور نے عیدالفطر کے موقع پر کھلونا نما بندوقوں، باجوں، ہوائی فائرنگ، ون ویلنگ اور پٹاخوں پر پابندی عائد کردی ہے۔ پابندی کا اطلاق 19 اپریل سے 25 اپریل تک ہوگا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر قانونی کارروائی ہوگی۔

صوبائی دارالحکومت پشاور کی انتظامیہ نے عیدالفطر کے موقع پر پشاور شہر میں دفعہ 144 نافذ کردی ہے۔ میڈیا سیل ڈپٹی کمشنر آفس پشاور سے جاری ہونے والے بیان کے مطابق ضلعی انتظامیہ پشاور نے عیدالفطر کے موقع پر کھلونا نما بندوقوں، باجوں، ہوائی فائرنگ، ون ویلنگ اور پٹاخوں پر پابندی عائد کردی ہے۔ پابندی کا اطلاق 19 اپریل سے 25 اپریل تک ہوگا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر قانونی کارروائی ہوگی۔

تھانہ گولڑہ میں درج مقدمہ، علی امین گنڈاپور کی ضمانت منظور

عدالت کی 3، 3 لاکھ روپے کے ضمانتی مچلکے جمع کرانے کی ہدایت

تفتیشی افسر نے جواب بھی جج سکندر خان کی عدالت میں جمع کرادیا

اسلام آباد (نامہ نگار) اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے علی امین گنڈاپور کی تھانہ گولڑہ میں درج مقدمے میں ضمانت منظور کرلی۔ اسلام آباد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ کے ایڈیشنل سیشن جج سکندر خان نے پی ٹی آئی رہنما علی امین گنڈاپور کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سنا دیا۔ علی امین گنڈاپور کی تھانہ گولڑہ میں درج مقدمے میں ضمانت منظور کرلی گئی ۔ اسلام آباد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے عدالت کی 3، 3 لاکھ روپے کے ضمانتی مچلکے جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔ تفتیشی افسر نے جواب بھی جج سکندر خان کی عدالت میں جمع کرادیا۔ اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے علی امین گنڈاپور کی تھانہ گولڑہ میں درج مقدمے میں ضمانت منظور کرلی۔ اسلام آباد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ کے ایڈیشنل سیشن جج سکندر خان نے پی ٹی آئی رہنما علی امین گنڈاپور کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سنا دیا۔ علی امین گنڈاپور کی تھانہ گولڑہ میں درج مقدمے میں ضمانت منظور کرلی گئی ۔ اسلام آباد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے عدالت کی 3، 3 لاکھ روپے کے ضمانتی مچلکے جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔ تفتیشی افسر نے جواب بھی جج سکندر خان کی عدالت میں جمع کرادیا۔ اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے علی امین (بقیہ نمبر 58)

سپریم کورٹ کا فیصلہ نہ ماننے والا نااہل ہوگا اعتزاز احسن

دلیل دی جاتی ہے کہ پورے ملک میں انتخابات ایک ہی روز ہونے چاہئیں تو پھر قومی اسمبلی تحلیل کردیں، حکمرانوں نے الیکشن سے بھاگنے کیلئے کیا

کسی کو الیکشن میں ناقابل شکست بنانا ہے تو اس پر مقدمات بنا، انہوں نے اس کو دیوتا بنادیا ہے، عمران خان سے ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں، اعتزاز احسن

لاہور (خبر نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما و معروف قانون دان اعتزاز احسن نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ نے پنجاب میں 14 مئی کو انتخابات کے انعقاد کا حکم دیا ہے، جو سپریم کورٹ کا فیصلہ نہیں مانے گا نااہل ہوگا۔ لاہور ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اعتزاز احسن کا کہنا تھا کہ دلیل دی جاتی ہے کہ پورے ملک میں انتخابات ایک ہی روز ہونے چاہئیں تو پھر قومی اسمبلی تحلیل کر دیں، حکمرانوں نے الیکشن سے بھاگنے کیلئے کیا کچھ نہیں کیا، رجیم چینج کرنے کے بعد عمران خان پر 140 مقدمات بنا دیئے۔ اعتزاز احسن نے کہا کسی کو الیکشن میں ناقابل شکست بنانا ہے تو اس پر مقدمات بنا، انہوں نے اس کو دیوتا بنادیا ہے، عمران خان سے ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں، میں جانتا ہوں اس نے الیکشن لڑنا ہے، 40 غلطیاں کرنی ہیں، عمران خان کا پلڑا اتنا بھاری نہیں ہونا، یہ مقدمات قائم کرکے عمران خان کا سیاسی قد بڑھا رہے ہیں، وہ ناقابل شکست نہیں ہے پر یہ بنا رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 59)

اطالوی سرمایہ کاروں کی ملک میں سرمایہ کاری سے صنعتی وتجارتی شعبہ ترقی کرے گا، فاؤنڈر گروپ

لاہور (نیوز رپورٹر) فاؤنڈر گروپ کے سرگرم رکن پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے رکن خادم حسین سینئر نائب صدر فیروز پور بورڈ ایگزیکٹو ممبر لاہور چیمبرز آف (بقیہ نمبر 60)

PLANNING & DEVELOPMENT DEPARTMENT

لاہور: پنجاب میں مختلف سیکٹرز کی ترقیاتی سکیمیں مکمل کرنے کیلئے فنڈز منظور

جنرل منیجر (کمرشل اینڈ کسٹمر سروسز) فیسکو میاں غلام فاروق قضائے الٰہی سے انتقال کرگئے

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) جنرل منیجر (کمرشل اینڈ کسٹمر سروسز) فیسکو میاں غلام فاروق قضائے الٰہی سے انتقال کرگئے۔ ان کو دل کا دورہ پڑا جس کے بعد وہ جانبر نہ ہوسکے اور اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔ ان کی نماز جنازہ فیسکو فٹ بال گراؤنڈ اور ان کے آبائی علاقے عبدالحکیم میں ادا کی گئی۔ چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز فیسکو ملک تحسین اعوان (بقیہ نمبر 57)

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیاں

05 ملزمان گرفتار، 03 کلو 790 گرام چرس برآمد، مقدمات درج

ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز

راولپنڈی(کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیاں، 05 ملزمان گرفتار، 03 کلو 790 گرام چرس برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے ملزم آصف کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 01 کلو 100 گرام چرس برآمد ہوئی، صادق آباد پولیس نے 02 ملزمان عمیر اکرم اور نعمان کو گرفتار کرلیا، ملزم عمیر اکرم سے 450 گرام چرس، ملزم نعمان سے 520 گرام چرس برآمد ہوئی، ویسٹریج پولیس نے ملزم زاہد اقبال کو گرفتار کرکے ملزم سے 01 کلو 100 گرقام چرس برآمد کرلی، صدر بیرونی پولیس نے ملزم تیمور آصف (بقیہ نمبر54)

گومل یونیورسٹی کی ترقی وخوشحالی میری اولین ترجیح ہے

جس کیلئے دن رات کوشاں ہیں؛ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شکیب اللہ

ڈیرہ اسماعیل خان (جنرل رپورٹر) گومل یونیورسٹی کی ترقی وخوشحالی میری اولین ترجیح ہے جس کیلئے دن رات کوشاں ہیں۔ ان خیالات کا اظہار وائس چانسلر گومل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر شکیب اللہ نے 42ویں اکیڈمک کونسل میٹنگ کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر رجسٹرار ڈاکٹر محمد شعیب سمیت تمام شعبہ جات کے ڈینز سمیت دیگر تمام ممبران موجود تھے۔ ڈائریکٹر اکیڈمکس وسیم خان کٹی خیل نے 42ویں (بقیہ نمبر 55)

فیصل آباد، بری حرکات سے منع کرنے پر مشتعل بیوی نے ساتھیوں کے ہمراہ شوہر کو گولیاں مار کر زخمی کردیا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) تھانہ گلبرگ کے علاقہ اے بی سی روڈ پر بری حرکات سے منع کرنے پر مشتعل بیوی نے ساتھیوں کے ہمراہ شوہر کو گولیاں مار کر لہولہان کردیا، مضروب کو طبی امداد کی غرض سے ہسپتال منتقل کر دیا، پولیس نے اقدام قتل کے (بقیہ نمبر 56)

ملک میں بسوں اور ٹرکوں کی فروخت میں جاری مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 32 فیصد کمی

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) ملک میں بسوں اور ٹرکوں کی فروخت میں جاری مالی سال کے پہلے 9 ماہ کے دوران سالانہ بنیاد پر 32 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ آل پاکستان آٹومینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے اعداد وشمار کے مطابق جولائی تا (بقیہ نمبر 63)

لاہور: ہم نے کوئی شرط نہیں رکھی، مذاکرات الیکشن کے فریم ورک پر ہوں گے: فواد چودھری

ووٹ کا حق چھیننے والی پارلیمان کا ہر ممبر عوام کا مجرم ہے فواد چودھری

وکلا نے آج ایک بار پھر حکومتی ٹاؤٹوں کا منہ کالا کر کے یوم سیاہ منایا، حکومتی وکلا کی یوم سیاہ منانے کی اپیل بری طرح ناکام ہوگئی ہے

جج صاحبان کے خلاف مہم کی جتنی مذمت کی جائے وہ کم ہے، جن جج صاحبان کو جونیئر کہا جارہا ہے وہ پاکستان کے چند سب سے بڑے ججز ہیں

ر (خصوصی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے مرکزی رہنما فواد چودھری نے کہا ہے کہ ایسی پارلیمان اور حکومت جو لوگوں سے ووٹ کا حق چھیننے کی قرارداد یں منظور کرے اس کا ہر ممبر عوام کا مجرم ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں رہنما پی ٹی آئی فواد چودھری نے کہا کہ وکلا نے آج ایک بار پھر حکومتی ٹاؤٹوں کا منہ کالا کر کے یوم سیاہ منایا، حکومتی وکلا کی یوم سیاہ منانے کی اپیل بری طرح ناکام ہوگئی ہے، ملک بھر میں وکلا معمول کے مطابق عدالتوں میں پیش ہورہے ہیں۔ اپنے ایک اور ٹوئٹ میں رہنما پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ حکومت کی سپریم کورٹ کے جج صاحبان کے خلاف مہم کی جتنی مذمت کی جائے وہ کم ہے، جن جج صاحبان کو جونیئر کہا جارہا ہے وہ پاکستان کے چند سب سے بڑے ججز ہیں۔ فواد چودھری کا مزید کہنا تھا کہ ان) ججز (کا علم، تجربہ، ہائی کورٹ میں ان کا رویہ اور کام ان کے میرٹ کی گواہی ہے، حکومت میڈیا میں اپنے ٹاؤٹوں کے ذریعے شروع کی گئی مہم بند کرے۔

بنی پولیس کی بڑی کاروائی، جڑواں شہروں کی متعدد وارداتوں میں انتہائی مطلوب خطرناک ڈکیت حلیم خان عرف عالم گرفتار

راولپنڈی(کرائم رپورٹر) بنی پولیس کی بڑی کاروائی، جڑواں شہروں کی متعدد وارداتوں میں انتہائی مطلوب خطرناک ڈکیت حلیم خان عرف عالم گرفتار، تفتیش کے دوران ملزم سے مسروقہ رقم 37000 روپے اور اسلحہ برآمد، ملزم ڈکیتی معہ قتل اور ڈکیتی سمیت جڑواں شہروں کے متعدد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہے۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 62)

اے سی تیمرگرہ کا افسران کے ہمراہ خوڑ میں تجاوزات کے خلاف آپریشن

انسدات تجاوزات مہم کے دوران کئی دکانات ہوٹل کا ایک فورشن بھاری مشنری کے ذریعے مسمار کیا گیا

دیرلوئر (جنرل رپورٹر) ڈی سی دیرلوئر کی ہدایت پر اے سی تیمرگرہ نیدیگر افسران کے ہمراہ تیمرگرہ خوڑ میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا۔ ڈپٹی کمشنر دیر پائین افتخار احمد کی ہدایات کی روشنی میں اور اسسٹنٹ کمشنر تیمرگرہ شہزاد خان، ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر تیمرگرہ طارق خان اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ عامر نظام درانی کی زیرنگرانی تیمرگرہ خوڑ نزد بائی پاس روڈ میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا تاکہ تیمرگرہ خوڑ کے برساتی پانی کو دریائے پنجکوڑہ تک پہنچانے سمیت تیمرگرہ بائی پاس، رہائشی عمارتوں مارکیٹوں کو سیلابی ریلی کے نقصانات سے بچایا جا سکے۔ انسدات تجاوزات مہم کے دوران کئی دکانات ہوٹل کا ایک فورشن بھاری مشنری کے ذریعے مسمار کیا گیا۔ اس موقع پر دیر لیویز اور پولیس کے بھاری نفری بھی موجود تھے۔ ڈی سی دیرلوئر کی ہدایت پر اے سی تیمرگرہ نیدیگر افسران کے ہمراہ تیمرگرہ خوڑ میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا۔ ڈپٹی کمشنر دیر پائین افتخار احمد کی ہدایات کی (بقیہ نمبر 61)

شجاع آباد، لوڈر رکشہ اور موٹر سائیکل میں تصادم، خاتون جاں بحق

حادثے کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والی خاتون کی لاش اور زخمی خاتون کو ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے

شجاع آباد (سٹی رپورٹر) پنجاب کے ضلع ملتان کی تحصیل شجاع آباد میں ٹریفک حادثے کے نتیجے میں ایک خاتون جاں بحق ہوگئی۔ ریسکیو حکام کے مطابق شجاع آباد کے علاقے بستی مٹھو کے قریب لوڈر رکشہ اور موٹر سائیکل میں تصادم کا واقعہ پیش آیا جس کے نتیجے میں ایک خاتون جاں بحق جبکہ دوسری شدید زخمی ہوگئی، دونوں خواتین موٹر سائیکل پر سوار تھیں۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ حادثے کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والی خاتون کی لاش اور زخمی خاتون کو ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔

شیخوپورہ میں مفت آٹا دوکانوں اور ہوٹلوں پر فروخت ہونے کا انکشاف

شیخوپورہ (جنرل رپورٹر) شیخوپورہ میں مفت آٹا دوکانوں اور ہوٹلوں پر فروخت ہونے کا انکشاف محکمہ مال نے فروخت کاروں کا سراغ لگا لیا مفت آٹے کی فروخت میں خواتین سمیت 30 افراد شامل ہیں آٹا گروہ کا انکشاف رات اس وقت ہوا جب جنڈیالہ روڈ سے مفت آٹے کے درجنوں (بقیہ نمبر 64)

حکومت نے عوام پر پٹرول، بجلی، گیس بم گرا کر عید کی خوشیاں بھی چھین لیں؛ کاشف اسماعیل

رائیونڈ (نیوز رپورٹر) حکومت نے عوام پر پٹرول، بجلی، گیس بم گرا کر عید کی خوشیاں بھی چھین لیں؛ کاشف اسماعیل، مہنگائی کا نیا طوفان آئے گا، محنت کش طبقہ عید کی چھٹیاں منانے گھروں کو جانے پر ٹرانسپورٹروں نے آنکھیں ماتھے پر رکھ لیں ، ان (بقیہ نمبر 65)

طورخم بارڈر پر کنٹینرز پر پہاڑی تودہ گرنے سے 3 افراد جاں بحق

12 افراد کو زندہ نکال لیا گیا جن کی حالت خطرے سے باہر ہے

پاک آرمی، 1122 اور سول انتظامیہ کی مشترکہ ریسکیو کاوشیں جاری ہیں

پشاور (جنرل رپورٹر) طورخم میں پاک آرمی کی اربن سرچ اینڈ ریسکیو ٹیموں نے ملبے دبے تین افراد کی لاشیں جبکہ 12 افراد کو زندہ نکال لیا جن کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ طورخم پر آرمی کی ریسکیو ٹیموں کا برق رفتار ریسکیو آپریشن تیزی سے جاری ہے ۔ پاک آرمی، 1122 اور سول انتظامیہ کی مشترکہ ریسکیو کاوشیں جاری ہیں. آرمی انجینئرز کے متعدد ڈمپرز، ڈوزر اور دیگر آلات و مشینری متاثرہ علاقے سے ملبہ ہٹانے میں مصروف عمل ہیں۔ پاک آرمی کی اربن سرچ اینڈ ریسکیو ٹیموں نے اپنے مخصوص سرچ کیمروں، ریسکیو ریڈار، کٹرز، اور لائف لوکیٹرز کی مدد سے ملبے دبے 3 افراد کی لاشیں جبکہ (بقیہ نمبر 66)

سکھر اور کوہاٹ میں ٹریفک حادثات، 4 افراد جان کی بازی ہار گئے

سکھر میں قومی شاہراہ پر 2 مسافر کوچز میں تصادم، 2 افراد جاں بحق اور 25 زخمی ہوگئے

سکھر/کوہاٹ (نامہ نگار) سکھر اور کوہاٹ میں مختلف ٹریفک حادثات کے دوران 4 افراد جان کی بازی ہار گئے۔ اطلاعات کے مطابق سکھر میں قومی شاہراہ پر 2 مسافر کوچز میں تصادم ہوگیا جس کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 25 زخمی ہوگئے۔ سکھر میں قومی شاہراہ پر خوفناک ٹریفک حادثہ پیش آیا جہاں کراچی سے پنجاب جانے والی اور پنجاب سے کراچی آنے والی مسافر کوچ آمنے (بقیہ نمبر 67)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہٰ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035